(٥) فى ص ، ت ١ ، ت ٢ ، ت ٣ : « عن » .

(٦) فى ص : « علينا » .

شِئْتُمْ ﴾ . قال : « صمامًا واحدًا ، صمامًا واحدًا »[١] .

حدَّثني محمدُ بنُ مَعْمَرٍ البَحْرانيُّ[٢] ، قال : ثنا يعقوبُ بنُ إسحاقَ الحَضْرَميُّ[٣] ، قال : ثنى وُهيبٌ ، قال : ثنى عبدُ اللهِ بنُ عثمانَ ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ سابطٍ ، قال : قلتُ لحفصةَ : إنى أُريدُ [١/٢٦٥و] أن أسألَكِ عن شيءٍ وأنا أستَحْيِى منك أن أسألَك . قالت : سَلْ يا بُنَيَّ عمَّا بدا لك . قال : قلتُ : أسألُك عن غشيانِ النساءِ فى أدبارِهنَّ . قالت : حدَّثَتنى أمُّ سلمةَ ، قالت : كانت الأنصارُ لا تُجَبِّى ، وكان المهاجرون يُجَبُّون ، فتزوَّج رجلٌ من المهاجرين امرأةً من الأنصارِ . ثم ذكَر نحوَ حديثِ أبى كُريبٍ ، عن معاويةَ بنِ هشامٍ[٤] .

حدَّثنا ابنُ المُثَنَّى ، قال : ثنى وهبُ بنُ جريرٍ ، قال : ثنا شعبةُ ، عن ابنِ المنكدِرِ ، قال : سمِعتُ جابرَ بنَ عبدِ اللهِ يقولُ : إن اليهودَ كانوا يقولون : إذا أتَى الرجلُ امرأتَه باركةً جاء الولدُ أحولَ . فنزَلت : ﴿ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾[٥] .

حدَّثنى محمدُ بنُ أحمدَ بنِ عبدِ اللهِ الطُّوسيُّ ، قال : ثنا الحسنُ بنُ موسى ، قال : ثنا يعقوبُ القُمِّيُّ ، عن جعفرٍ ، عن سعيدِ بنِ جبيرٍ ، عن ابنِ عباسٍ ، قال : جاء عمرُ إلى النبيِّ ﷺ فقال : يا رسولَ اللهِ ، هلَكتُ ! قال : « وما الذى أهْلَكك ؟ »

---

(١) أخرجه الترمذى (٢٩٧٩) عن محمد بن بشار به ، وأخرجه أحمد ٦/٣١٨ (الميمنية) عن عبد الرحمن بن مهدى به .

(٢) فى ص : « النحراى » . وينظر : تهذيب الكمال ٢٦/ ٤٨٥.

(٣) فى ص : « الحصرى » . وينظر : تهذيب الكمال ٣٢/ ٣١٤.

(٤) أخرجه أحمد ٦/٣٠٥ (الميمنية) ، والدارمى ١/ ٢٥٦، والطحاوى فى شرح معانى الآثار ٣/ ٤٢، من طريق وهيب به .

(٥) أخرجه مسلم (١٤٣٥/ ١١٩) عن محمد بن المثنى به ، وأخرجه البغوى فى الجعديات (١٦٨٩) ، والطحاوى فى شرح المعانى ٣/ ٤٠، والبيهقى ٧/١٩٤ من طريق شعبة به .

قال : حوَّلتُ رحلى الليلةَ . قال : فلم يَرُدَّ عليه شيئًا ، قال : فأوْحَى اللهُ إلى رسولِ اللهِ ﷺ هذه الآيةَ : ﴿ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾ « أَقْبِلْ وأَدْبِرْ ، واتَّقِ الدُّبُرَ والحيضةَ »[1] .

حدَّثنا زكريا بنُ يحيى المصريُّ ، قال : ثنا أبو صالحٍ الحَرّانيُّ ، قال : ثنا ابنُ لَهِيعةَ ، عن يزيدَ بنِ أبى حَبيبٍ ، أن عامرَ بنَ يحيى أخبَره ، عن حَنَشٍ الصنعانيِّ ، عن ابنِ عباسٍ ، أن ناسًا مِن حِمْيرَ أَتَوْا إلى رسولِ اللهِ ﷺ يسألونه عن أشياءَ ، فقال رجلٌ منهم : يا رسولَ اللهِ ، إنى رجلٌ أُجَبِّى[2] النساءَ ، فكيف تَرَى فى ذلك ؟ فأنْزَل اللهُ تعالى ذِكرُه فى سورةِ « البقرة » بيانَ ما سألوا عنه ، وأنْزَل فيما سأَل عنه الرجلُ : ﴿ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾ . فقال رسولُ اللهِ ﷺ : « ائْتِها مُقْبِلةً ومُدْبِرةً إذا كان ذلك فى الفَرْجِ »[3] .

والصوابُ من القولِ فى ذلك عندَنا قولُ مَن قال : معنى قولِه : ﴿ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾ : من أىِّ وجهٍ شِئتم . وذلك أن « أنَّى » فى كلامِ العربِ كلمةٌ تَدُلُّ - إذا ابْتُدِئ بها فى الكلامِ - على المسألةِ عن الوجوهِ والمذاهبِ ، فكأنَّ القائلَ إذا قال لرجلٍ : أنَّى لك هذا المالُ ؟ يريدُ : من أىِّ الوجوهِ لكَ . ولذلك يُجِيبُ المجيبُ فيه بأن يقولَ : مِن كذا

---

(١) أخرجه أحمد ٤/٤٣٤ (٢٧٠٣) ، والترمذى (٢٩٨٠) عن الحسن بن موسى به ، وأخرجه النسائى فى الكبرى (٨٩٧٧) ، وأبو يعلى (٢٧٣٦) ، والخرائطى فى مساوئ الأخلاق (٤٦٩) ، وابن أبى حاتم فى تفسيره ٢/٤٠٥ (٢١٣٤) ، وابن حبان (٤٢٠٢) ، والطبرانى (١٢٣١٧) ، والبيهقى ٧/ ١٩٨ ، والبغوى فى تفسيره ١/١٩٨ من طريق يعقوب به ، وعزاه السيوطى فى الدر المنثور ١/٢٦٢ إلى عبد بن حميد وابن المنذر والضياء فى المختارة .

(٢) فى النسخ : « أحب » . وفى تفسير ابن أبى حاتم : « أجب » . وليس المراد ، ولفظ الأحاديث قبله دالة عليه ، وينظر ص ٧٥٦.

(٣) أخرجه ابن أبى حاتم فى تفسيره ٢/٤٠٤ (٢١٣٠) ، والخرائطى فى مساوئ الأخلاق (٤٧٠) ، والطحاوى فى شرح معانى الآثار ٣/ ٤٣ ، والطبرانى (١٢٩٨٣) من طريق ابن لهيعة به .

وكذا . كما قال تعالى ذِكرُه مخبِرًا عن زكريا فى مسألتِه مريمَ : ﴿ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ ٱللَّهِ ۖ ﴾ [آل عمران : ٣٧] . وهى مقارِبةٌ « أين » ، و « كيف » فى المعنى ، ولذلك تداخَلَت معانِيها ، فأشكلَت « أنى » على سامِعِها ومُتأوِّلها حتى تأوَّلها بعضُهم بمعنى « أين » ، وبعضُهم بمعنى « كيف » ، وآخَرون بمعنى « متى » ، وهى مخالفةٌ جميعَ ذلك فى معناها ، وهنَّ لها مخالفاتٌ ؛ وذلك أن « أين » إنما هى حرفُ استفهامٍ عن الأماكنِ والمحَالِّ ، وإنما يُستَدَلُّ على افتراقِ معانى هذه الحروفِ بافتراقِ الأجوبةِ عنها ، ألا تَرَى أن سائلًا لو سأل آخرَ فقال : أين مالُك ؟ لقال : بمكانِ كذا . ولو قال له : أين أخوك ؟ لكان الجوابُ أن يقولَ : ببلدةِ كذا . أو : بموضعِ كذا . فيُجِيبُه بالخبرِ عن محَلِّ ما سأله عن محَلِّه ، فيُعْلَمُ أن « أين » مسألةٌ عن المحَلِّ . ولو قال قائلٌ لآخرَ : كيف أنت ؟ لقال : صالحٌ . أو : بخيرٍ . أو : فى عافيةٍ . وأخبَره عن حالِه التى هو فيها ، فيُعْلَمُ حينئذٍ أن « كيف » مسألةٌ عن حالِ المسئولِ عن حالِه . ولو قال له : أنَّى يُحْيِى اللهُ هذا الميتَ ؟ لكان الجوابُ أن يقالَ : مِن وجهِ كذا ووجهِ كذا . فيَصِفُ قولًا ، نظيرَ ما وصَف اللهُ تعالى ذكرُه للذى قال : ﴿ أَنَّىٰ يُحْىِۦ هَٰذِهِ ٱللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ ﴾ [البقرة : ٢٥٩] فعلًا حين بعَثه من بعدِ مماتِه .

٣٩٨/٢ /

وقد فرَّقتِ الشُّعراءُ بينَ ذلك فى أشعارِها ، فقال الكُمَيْتُ بنُ زيدٍ[(١)] :

تَذكَّرَ مِن أنَّى ومن أينَ شُرْبُه ... يُؤامِرُ[(٢)] نَفْسَيْهِ كَذِى الهَجْمَةِ[(٣)] الأَبِلْ[(٤)]

وقال أيضًا[(٥)] :

(١) شعر الكميت ٢/ ٩٧.

(٢) يؤامر : يشاور . التاج (أ م ر) .

(٣) الهجمة : القطعة من الإبل ؛ ما بين الثلاثين والمائة . اللسان (هـ ج م) .

(٤) يقال : رجل أبل وآبل : ذو إبل : إذا كان حاذقًا برِعْية الإبل ومصلحتها . اللسان (أ ب ل) .

(٥) مجاز القرآن ١/ ٩١، والمفصل ٤/ ١١١.

أنَّى ومِن أين آبَكَ[1] الطَّرَبُ من حيثُ لاصَبْوَةٌ ولا رِيَبُ

فيُجَاءُ بـ « أنَّى » للمسألِة عن الوجهِ ، وبـ « أين » للمسألِة عن المكانِ ، فكأنه قال : مِن أيِّ وجهٍ ، ومن أيِّ موضعٍ راجَعك الطربُ ؟

والذى يَدُلُّ على فسادِ قولِ مَن تأوَّلَ قولَ اللهِ تعالى ذكرُه : ﴿فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ﴾ : كيف شِئتم . أو تأوَّلَه بمعنى : حيثُ شِئتم . أو بمعنى : متى شئتم . أو بمعنى : أين شئتم – أن قائلًا لو قال لآخرَ : أنَّى تأتى أهلَك ؟ لكان الجوابُ أن يقولَ : مِن قُبُلِها . أو : من دُبُرِها . كما أخبرَ اللهُ تعالى ذكرُه عن مريمَ إذ سُئِلت : ﴿أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا﴾ . أنها قالت : ﴿هُوَ مِنْ عِندِ ٱللَّهِ﴾ . وإذ كان ذلك هو الجوابَ ، فمعلومٌ أن معنى قولِ اللهِ تعالى ذكرُه : ﴿ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾ إنما هو : فائتوا حرثَكم من حيثُ شِئتم من وجوهِ المأتَى . وأن ماعدا ذلك من التأويلاتِ فليس للآيةِ بتأويلٍ .

وإذ كان ذلك هو الصحيحَ ، فبيِّنٌ خطأُ قولِ مَن زعَم أن قولَه : ﴿ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ﴾ . دليلٌ على إباحةِ إتيانِ النساءِ فى الأدبارِ ؛ لأن الدُّبُرَ لا مُحْتَرَثَ فيه ، وإنما قال تعالى ذكرُه : ﴿ حَرْثٌ لَّكُمْ ﴾ فائتوا الحَرْثَ من أيِّ وجُوهِه شِئتم ، وأيُّ مُحْتَرَثٍ فى الدبرِ فيقالَ : ائتِه من وجهِه ؟!

وبيِّنٌ بما بيَّنَّا صحةُ معنى ما رُوِى عن جابرٍ وابنِ عباسٍ من أن هذه الآيةَ نزَلت فيما كانت اليهودُ تقولُه للمسلمين : إذا أتَى الرجلُ المرأةَ من دُبُرِها فى قُبُلِها جاء الولدُ أحولَ .

القولُ فى تأويلِ قولِه تعالى :﴿ وَقَدِّمُوا۟ لِأَنفُسِكُمْ ﴾ .

اخْتَلف أهلُ التأويلِ فى معنى ذلك ؛ فقال بعضُهم : معنى ذلك : قدِّموا

(١) فى م : « نابك » .

لأنفسِكم الخيرَ .

٣٩٩/٢ / ذكرُ مَن قال ذلك

[٢٦٥/١ظ] **حدَّثني** موسى ، قال : ثنا عمرٌو ، قال : ثنا أسباطُ ، عن السُّدِّيِّ : أمَّا قولُه : ﴿وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ﴾ ، فالخيرَ[1] .

وقال آخَرون : بل معنى ذلك : وقدِّموا لأنفسِكم ذِكْرَ اللهِ عندَ الجماعِ وإتيانِ الحرثِ قبلَ إتيانِه .

ذكرُ مَن قال ذلك

حدَّثنا القاسمُ ، قال : ثنا الحسينُ ، قال : ثنى محمدُ بنُ كثيرٍ ، عن عبدِ اللهِ بنِ واقدٍ ، عن عطاءٍ ، قال : أُرَاه عن ابنِ عباسٍ : ﴿وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ﴾ . قال : يقولُ : باسمِ اللهِ . التسميةَ عندَ الجماعِ[2] .

والذى هو أَوْلَى بتأويلِ الآيةِ ما روَيْنا عن السُّدِّيِّ ، وهو أن قولَه : ﴿وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ﴾ . أمرٌ من اللهِ تعالى ذكرُه عبادَه بتقديمِ الخيرِ والصالحِ من الأعمالِ ليومِ مَعَادِهم إلى ربِّهم ، عُدَّةً منهم ذلك لأنفسِهم عندَ لقائِه فى موقفِ الحسابِ ، فإنه قال تعالى ذكرُه : ﴿وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ﴾ [البقرة : ١١٠ ، المزمل : ٢٠] .

وإنما قلنا : ذلك أولى بتأويلِ الآيةِ ؛ لأن اللهَ تعالى ذكرُه عقَّب قولَه : ﴿وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ﴾ بالأمرِ باتقائِه فى ركوبِ معاصيه ، فكان الذى هو أَوْلَى بأن يكونَ[3] قبلَ التهددِ على المعصيةِ عامًّا ، الأمرَ بالطاعةِ عامًّا .

---

(١) أخرجه ابن أبى حاتم فى تفسيره ٤٠٦/٢ (٢١٣٩) من طريق عمرو بن حماد به .

(٢) ذكره ابن كثير فى تفسيره ١/ ٣٨٩، عن المصنف .

(٣) بعده من ص ، م ، ت ١ : « الذى » .

فإن قال لنا قائلٌ : وما وجهُ الأمرِ بالطاعةِ بقولِه : ﴿ وَقَدِّمُوا۟ لِأَنفُسِكُمْ ۚ ﴾ . من قولِه : ﴿نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ۖ﴾ ؟

قيل : إن ذلك لم يُقْصَدْ به ما توهَّمته ، وإنما عُنِى به : وقدِّموا لأنفسِكم من الخيراتِ التى ندَبْناكم إليها بقولِنا : ﴿ يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلْ مَآ أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ﴾ [البقرة : ٢١٥] . وما بعده من سائرِ ما سألوا رسولَ اللهِ ﷺ فأُجِيبوا عنه مما ذكَره اللهُ تعالى ذكرُه فى هذه الآياتِ . ثم قال تعالى ذكرُه : قد بيَّنَّا لكم ما فيه رَشَدُكم وهدايتُكم[1] إلى ما يُرْضِى ربَّكم عنكم ، فقدِّموا لأنفسِكم الخيرَ الذى أمَرْكم به ، واتَّخِذوا عنده به عهدًا لِتَجِدوه لديه إذا لَقِيتُموه فى معادِكم ، واتَّقُوه فى معاصيه أن تَقْرَبوها ، وفى حدودِه أن تُضَيِّعوها ، واعْلَموا أنكم - لا محالةَ - مُلاقُوه فى معادِكم ، فمُجازى المحسن منكم بإحسانِه ، والمسيءَ بإساءتِه .

القولُ فى تأويلِ قولِه عزَّ ذكرُه : ﴿وَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَٱعْلَمُوٓا۟ أَنَّكُم مُّلَٰقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٢٢٣﴾﴾ .

وهذا تحذيرٌ من اللهِ تعالى ذكرُه عبادَه أن يأتوا شيئًا ممَّا نهاهم عنه من معاصيه ، وتخويفٌ لهم عقابَه عند لقائِه ، كما قد بيَّنَّا قبلُ[2] ، وأمرٌ لنبيِّه محمدٍ ﷺ أن يُبَشِّرَ مِن عبادِه ، بالفوزِ يومَ القيامةِ ، وبكرامةِ الآخرةِ ، وبالخلودِ فى الجنةِ ، مَن كان منهم محْسنًا مؤْمنًا[3] بكُتُبِه ورُسُلِه وبلقائِه ، مصدِّقًا إيمانَه قولًا بعملِه ما أمَره به ربُّه ، وافْتَرض عليه مِن فرائضِه ، [4]وفيما[4] ألزَمه من حقوقِه ، وبتجَنُّبِه ما أمَره بتجنُّبِه من معاصيه .

---

(١) فى ت ١، ت ٣: « تدابركم » .
(٢) ينظر ما تقدم فى ١/ ٦٣٢.
(٣) سقط من : ص .
(٤ - ٤) فى م : « فيما » .

Tafsir Durre Mansor J1 told about Anal Sex (Urdu)

مذکورہ کلمہ شہادت اور دعا پڑھتے تھے۔

امام القشیر ی نے الرسالہ میں اور ابن النجار نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ گناہ سے توبہ کرنے والا اس کی شخص کی طرح ہوتا ہے جس کا گناہ ہوتا ہی نہیں ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے محبت فرماتا ہے تو اسے کوئی گناہ نقصان نہیں دیتا۔ پھر یہ آیت تلاوت فرمائی: اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَ یُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ، عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ توبہ کی علامت کیا ہے؟ فرمایا ندامت (شرمندگی)

امام وکیع، عبد بن حمید، ابن ابی حاتم اور بیہقی نے الشعب میں حضرت الشعبی رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہوتا ہے جس کا گناہ ہی نہ ہو۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَ یُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔(1)

امام ابن ابی شیبہ، ترمذی، ابو المنذر اور بیہقی نے الشعب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر انسان خطا کرنے والا ہے اور بہتر خطا کرنے والے وہ ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں (2)۔

امام احمد نے الزہد میں حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے ایک نبی کی طرف وحی فرمائی تھی اولاد آدم خطا کرنے والی ہے اور بہتر خطا کرنے والے توبہ کرنے والے ہیں۔

امام ابن ابی شیبہ اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے ان سے پوچھا گیا کیا میں احرام کی حالت میں اپنے اوپر پانی ڈالوں؟ تو انہوں نے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَ یُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ۔

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۲۲۳﴾

''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں سو تم آؤ اپنے کھیت میں جس طرح چاہو اور پہلے پہلے کر لو اپنی بھلائی کے کام اور ڈرتے رہو اللہ سے اور خوب جان لو کہ تم ملنے والے ہو اس سے اور (اے حبیب) خوش خبری دو مومنوں کو''۔

امام وکیع، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، بخاری، ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن جریر، ابو نعیم حلیہ میں اور بیہقی نے سنن میں روایت فرماتے ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہود کہتے تھے کہ جب مرد عورت کے پیچھے کی طرف سے فرج میں وطی کرے، اور وہ حاملہ ہو جائے تو بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ..... تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں تم اپنی کھیتی میں جیسے چاہو آؤ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب وطی فرج میں ہو تو آگے کی طرف سے یا پیچھے کی طرف ہو (دونوں طرح جائز ہے)(3)

امام سعید بن منصور، دارمی، ابن المنذر، ابن ابی حاتم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ یہود نے

1۔شعب الایمان، جلد 5، صفحہ 388 (7040)، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت 2۔ایضاً، جلد 5، صفحہ 420 (7127)
3۔تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 474

مسلمانوں سے کہا جو اپنی بیوی سے پیچھے کی طرف سے فرج میں وطی کرتا ہے اس کا بیٹا بھینگا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے جب کہ وطی فرج میں ہو(1)۔

امام ابن ابی شیبہ نے (المصنف میں)، عبد بن حمید اور ابن جریر نے حضرت مرہ الہمدانی رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ ایک یہودی ایک مسلمان سے ملا اور اسے کہا تم عورتوں کی پیٹھ کی طرف سے جماع کرتے ہو گویا اس نے اس کیفیت کو ناپسند کیا۔ صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس مسئلہ کا ذکر کیا تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ پس اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو رخصت دے دی کہ وہ عورتوں سے جیسے چاہیں ان کی فروج میں جماع کریں، چاہیں تو آگے کی طرف سے کریں، چاہیں تو ان کے پیچھے کی طرف سے کریں(2)۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت مرہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں یہود مسلمانوں سے مزاح کرتے تھے کہ وہ عورتوں کے ساتھ پیچھے کی طرف سے ہو کر فرج میں جماع کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمادی(3)۔

امام ابن عساکر نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں انصار اپنی عورتوں سے حقوق زوجیت ادا کرتے جب کہ وہ پہلو کے بل لیٹی ہوئی ہوتی تھی اور قریش چت لٹا کر جماع کرتے تھے۔ ایک قریشی نے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا تو اس نے اپنے طریقہ سے حقوق زوجیت کا ارادہ کیا تو عورت نے کہا نہیں ایسے کرو جیسے وہ کرتے تھے۔ اس واقعہ کی خبر رسول اللہ ﷺ کو دی گئی تو یہ آیت کریمہ نازل ہوئی یعنی کھڑے ہو کر، بیٹھ کر، پہلو کے بل لیٹ کر جیسے چاہو مجامعت کرو جب کہ وہ عمل ایک سوراخ (فرج) میں ہو۔

امام ابن جریر نے حضرت سعید بن ابی ہلال رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن علی رحمہ اللہ نے اسے بتایا کہ انہیں یہ خبر پہنچی کہ کچھ صحابہ کرام ایک دن بیٹھے ہوئے تھے، ایک یہودی بھی ان کے قریب تھا۔ کسی صحابی نے کہا میں اپنی بیوی سے صحبت کرتا ہوں جب کہ وہ پہلو کے بل لیٹی ہوئی ہوتی ہے۔ دوسرے نے کہا میں اس سے مجامعت کرتا ہوں جب کہ وہ کھڑی ہوتی ہے۔ تیسرے نے کہا میں اس سے وطی کرتا ہوں جب کہ وہ بیٹھی ہوتی ہے، یہودی نے کہا تمہاری مثال چوپائیوں والی ہے۔ لیکن ہم (یہود) تو ایک ہیئت پر جماع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ



امام عبد بن حمید نے حضرت الحسن رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ یہود ایک حسد کرنے والی قوم تھی، انہوں نے کہا اے اصحاب محمد ﷺ اللہ کی قسم تمہارے لئے عورتوں کے پاس آنے کا صرف ایک طریقہ ہی حلال ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کی تکذیب کی اور یہ آیت نازل فرمادی، پس اللہ تعالیٰ نے اجازت فرمادی کہ مرد اپنی بیوی سے جیسے چاہے لطف اندوز ہو، چاہے تو آگے کی طرف آئے، چاہے تو پیچھے کی طرف آئے لیکن راستہ ایک ہی استعمال کرتے (یعنی فرج میں خواہش پوری کرے)

امام عبد بن حمید نے حضرت الحسن رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں یہودیوں نے مسلمانوں سے کہا تم اپنی عورتوں کے پاس جانوروں کی طرح آتے ہو اونٹ کی طرح انہیں بٹھاتے ہو۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی فرمایا مرد عورت کے پاس آئے جیسے چاہے جب کہ عمل ہو فرج میں۔

امام عبد بن حمید نے حضرت قتادہ سے روایت کیا ہے کہ یہود نے عورتوں کے پاس آنے کے متعلق مسلمانوں کو عار دلائی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور یہود کو جھٹلایا اور مسلمانوں کو اپنی عورتوں کے پاس آنے کی ہر طرح کی رخصت دے دی۔

امام ابن عساکر نے حضرت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کے طریق سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں عبداللہ بن عمرو ہمیں بتاتے ہیں کہ عورتوں کے پاس مرد آتے تھے جب کہ وہ الٹی سوئی ہوئی ہوتی تھیں۔ یہود نے کہا جو اس کیفیت میں عورت کے پاس آئے اس کا بچہ بھینگا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمادی: نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ۔

امام عبدالرزاق، عبد بن حمید اور بیہقی نے الشعب میں حضرت صفیہ بنت شیبہ عن ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے سلسلہ سے روایت کیا ہے فرماتی ہیں جب مہاجرین مدینہ طیبہ آئے تو انہوں نے اپنی عورتوں کے پاس ان کی فرج میں ان کی پچھلی طرف سے آنے کا ارادہ کیا، عورتوں نے اس طریقہ سے انکار کیا۔ عورتیں ام سلمہ کے پاس آئیں اور یہ مسئلہ ان کے سامنے پیش کیا، حضرت ام سلمہ نے نبی کریم ﷺ سے یہ مسئلہ پوچھا تو رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی کہ عورتیں تمہاری کھیتی ہے تم اپنی کھیتی میں جیسے چاہو آؤ، لیکن راستہ ایک ہو(1)۔

امام ابن ابی شیبہ، احمد، دارمی، عبد بن حمید، ترمذی (انہوں نے اس کو حسن کہا ہے)، ابن جریر، ابن ابی حاتم اور بیہقی نے سنن میں حضرت عبدالرحمٰن بن سابط رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہما سے کہا میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں لیکن مجھے وہ بات پوچھنے میں حیا آرہا ہے، حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے میرے بھانجے پوچھ جو تیرے دل میں ہے، انہوں نے کہا میں آپ سے عورتوں کی دبر کی طرف سے فرج میں وطی کرنے کے متعلق پوچھتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا مجھے ام سلمہ نے بتایا کہ انصار اس طرح نہیں کرتے تھے جب کہ مہاجر اس طرح کرتے تھے اور یہود کہتے تھے کہ جو اپنی عورت سے دبر کی طرف سے فرج میں وطی کرے گا اس کا بچہ بھینگا ہو گا۔ مہاجرین جب مدینہ طیبہ آئے تو انہوں نے انصار کی عورتوں سے نکاح کیا، پس انہوں نے دبر کی طرف سے فرج میں وطی کرنی چاہی تو عورت نے اپنے خاوند کی اطاعت سے انکار کر دیا اور اس نے کہا ہم ایسا ہرگز نہیں کریں گے حتی کہ ہم رسول اللہ

1۔ مصنف عبدالرزاق، جلد 1، صفحہ 341 (265)

ﷺ سے مسئلہ پوچھ لیں۔ وہ عورت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اور یہ مسئلہ عرض کیا، انہوں نے کہا بیٹھ جا ابھی رسول اللہ ﷺ تشریف لائیں گے۔ جب آپ تشریف لائے تو انصاری عورت نے سوال کرنے میں شرم محسوس کی، وہ باہر نکل گئی اور حضرت ام سلمہ نے نبی کریم ﷺ کے سامنے مسئلہ عرض کیا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس عورت کو بلاؤ۔ وہ بلائی گئی تو آپ ﷺ نے نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ کی آیت تلاوت فرمائی اور فرمایا راستہ ایک ہے(1)۔

امام مسند ابی حنیفہ میں حضرت حفصہ ام المومنین رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک عورت آئی اور اس نے کہا کہ میرا خاوند میرے پیچھے کی طرف سے آگے کی طرف آتا ہے میں پیچھے کے عمل کو ناپسند کرتی ہوں۔ جب یہ خبر نبی کریم ﷺ کو پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا کوئی حرج نہیں جب کہ راستہ ایک ہو۔

امام احمد، عبد بن حمید، ترمذی (انہوں نے اسے حسن کہا ہے)، نسائی، ابو یعلی، ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم، ابن حبان، طبرانی، الخرائطی (مساوی الاخلاق) اور بیہقی نے سنن میں اور الضیاء نے المختارہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں حضرت عمر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں ہلاک ہو گیا۔ فرمایا تجھے کس چیز نے ہلاک کیا ہے؟ عرض کی آج رات میں نے اپنی بیوی سے دبر کی طرف سے فرج میں جماع کیا ہے۔ آپ ﷺ نے کوئی جواب نہ دیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول مکرم ﷺ کی طرف سے یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ فرمایا آگے کی طرف آؤ، پیچھے کی طرف آؤ لیکن دبر اور حیض سے اجتناب کرو(2)۔

امام احمد نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں یہ آیت انصار کے چند لوگوں کے متعلق نازل ہوئی۔ وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ مسئلہ دریافت کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر حالت (کیفیت) میں آؤ جس کے ہو فرج میں



کا قبیلہ ہے اور یہ بت پرست ہیں اور ان کے ساتھ یہود کا قبیلہ ہے اور یہ یہود اہل کتاب ہیں اور یہود کو علم میں فضیلت سمجھی جاتی تھی اور لوگ اکثر معاملات میں ان کی پیروی کرتے تھے اور اہل کتاب کا مسئلہ یہ تھا کہ وہ اپنی عورتوں کے پاس ایک طریقہ سے آتے تھے، یہ عورت کو زیادہ ڈھانپنے والا تھا اور انصار نے اسی طریقہ کو اپنایا اور قریش چت لٹا کر جماع کرتے تھے اور وہ ان سے لطف اندوز ہوتے تھے جب کہ وہ سیدھی یا الٹی یا چت لیٹی ہوتی تھی۔ جب مہاجرین مدینہ طیبہ آئے تو ایک شخص نے انصار کی ایک عورت سے نکاح کیا۔ وہ اس کے پاس پیچھے کی طرف سے آنے لگا تو اس نے انکار کیا۔ اس نے کہا ہم تو ایک طریقہ سے آتے ہیں، اس طرح کرو ورنہ مجھ سے دور ہو جاؤ۔ یہ معاملہ رسول اللہ ﷺ تک پہنچ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ سیدھی ہوں یا الٹی ہوں لیکن ہو فرج میں تو جیسے چاہو آؤ۔ یعنی دبر کی طرف سے قبل (فرج) میں ہو۔ طبرانی نے یہ زائد روایت کیا ہے کہ ابن عباس نے فرمایا ابن عمر نے فرمایا اس کی دبر میں، پس ابن عمر وہم میں پڑ گئے۔ پس حدیث اسی طرح نقل کی ہے(1)۔

امام عبد بن حمید اور دارمی نے حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں لوگ حالت حیض میں عورتوں سے اجتناب کرتے تھے اور وہ ان کے ساتھ دبر میں وطی کرتے تھے۔ پس انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے مسئلہ پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ یعنی فرج میں اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے اس سے تجاوز نہ کرو۔

امام ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں اور مجاہد، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اچانک ایک شخص آیا اور کہا کیا تم آیت حیض کے متعلق میری تشفی نہیں فرماؤ گے؟ ابن عباس نے فرمایا کیوں نہیں۔ اس نے يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ تلاوت کی تو ابن عباس نے فرمایا اللہ نے تمہیں اس جگہ وطی کرنے کا حکم دیا ہے جہاں سے خون آتا ہے پھر تمہیں ان کے پاس آنے کا حکم ہے۔ اس شخص نے کہا اللہ نے فرمایا نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ۔ یعنی تم اپنی کھیتی میں آؤ جیسے چاہو (پس دبر میں وطی بھی جائز ہے)۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا افسوس! دبر میں وطی بھی حرث میں شامل ہے؟ اگر مسئلہ اس طرح ہوتا جیسے تو کہہ رہا ہے تو پھر حیض کا حکم منسوخ ہوتا۔ جب فرج میں حیض آتا تو دبر میں وطی کر لیتا لیکن اَنّٰى شِئْتُمْ کا مطلب یہ ہے کہ دن اور رات جس وقت چاہو(2)۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ یعنی پیٹ کی طرف سے پیٹھ کی طرف جیسے چاہو لیکن دبر اور حیض میں نہ ہو(3)۔

امام ابن ابی شیبہ نے ابو صالح سے روایت کیا ہے فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ یعنی اگر تو چاہے تو اس کے پاس آ جب کہ وہ

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 474 2۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 472 3۔ مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 3، صفحہ 517 (16668)

چت لیٹی ہو[اگر چاہے تو اس کے پاس آ جب کہ وہ الٹی ہو[اگر تو چاہے تو وہ گھٹنوں اور ہاتھوں پر ٹیک لگائے ہوئے ہو(1)۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ تو اس کے پاس آئے اس کے سامنے سے، اس کے پیچھے سے جب کہ وطی دبر میں نہ ہو(2)۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ تم اپنے عورتوں کے فروج میں ہر طرح سے آؤ(3)۔

امام عبد بن حمید نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک شخص ابن عباس کے پاس آیا اور کہا کہ میں اپنی بیوی کی دبر میں وطی کرتا تھا۔ میں نے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد سنا تھا فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ، میں سمجھا تھا کہ یہ میرے لئے حلال ہے۔ آپ نے فرمایا اے بیوقوف، أَنَّىٰ شِئْتُمْ کا مطلب یہ ہے کہ جیسے تم چاہو وہ بیٹھی ہو، کھڑی ہو۔ چت لیٹی ہو، الٹی لیٹی ہو لیکن ہو فرج میں۔ اس سے تجاوز نہ کر۔

امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں حرث سے مراد جائے ولادت ہے(4)۔

سعید بن منصور اور بیہقی نے سنن میں ابن عباس سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں اپنی کھیتی میں آ جہاں سے کچھ اگتا ہے(5)۔

امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے تم جیسے چاہو اپنی بیوی کے پاس آؤ جب کہ وطی دبر میں نہ ہو اور عورت حالت حیض میں نہ ہو(6)۔

امام ابن جریر اور بیہقی نے سنن میں ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ حرث سے مراد فرج ہے۔ وہ فرماتے تھے تم جیسے چاہو وہ چت لیٹی ہو، الٹی لیٹی ہو جیسے تم چاہو لیکن فرج سے کسی دوسری طرف تجاوز نہ ہو مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ کا یہی مطلب ہے(7)۔

امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ وہ عورت کی دبر میں وطی کو ناپسند کرتے تھے اور فرماتے تھے الحرث سے مراد قبل (فرج) ہے جس سے نسل اور حیض آتا ہے۔ فرماتے ہیں یہ آیت نازل ہوئی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ الخ یعنی تم جس طریقہ سے چاہو آؤ(8)۔

امام دارمی اور الخرائطی نے مساوی الاخلاق میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں مرد اپنی بیوی کے پاس آئے وہ کھڑی ہو یا بیٹھی ہو، آگے سے، پیچھے سے جیسے چاہے لیکن عمل ہو آنے کی جگہ میں۔

امام بیہقی نے سنن میں حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا تو اس کے پاس آ جہاں سے حیض آتا ہے اور بچہ پیدا ہوتا ہے(9)۔ بیہقی نے حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں تو اس کے پاس فرج میں آئے جب وہ چت لیٹی ہو یا الٹی لیٹی ہو(10)۔

1۔ مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 3، صفحہ 517 (16665) 2۔ ایضاً، (16672) 3۔ ایضاً، جلد 3، صفحہ 518 (16677)
4۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 469
5۔ سنن کبریٰ از بیہقی، باب اتیان النساء فی ادبارہن، جلد 7، صفحہ 196، مطبوعہ دار الفکر بیروت
6۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 469 7۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 470 8۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 471
9۔ سنن کبریٰ، از بیہقی، جلد 7، صفحہ 196، مطبوعہ دار الفکر بیروت 10۔ ایضاً

امام ابن ابی شیبہ اور خرائطی نے مساوی الاخلاق میں حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں وہ اس کے پاس آئے خواہ کھڑا ہو یا بیٹھا ہو جس حال میں آئے جب کہ دبر میں نہ ہو(1)۔

امام سعید بن منصور، عبد بن حمید، دارمی اور بیہقی نے حضرت ابو القعقاع الحرمی رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک شخص عبد اللہ بن مسعود کے پاس آیا اور کہا میں جیسے چاہوں اپنی بیوی کے پاس آؤں۔ ابن عباس نے فرمایا ہاں۔ پوچھا جہاں چاہوں، ابن مسعود نے فرمایا ہاں، اس نے پوچھا جب چاہوں؟ ابن مسعود نے فرمایا ہاں۔ اس شخص نے ابن مسعود کو سمجھایا کہ وہ اس کی مقعد (دبر) میں آنا چاہتا ہے، ابن مسعود نے فرمایا نہیں عورتوں کی دبر تم پر حرام ہے(2)۔

امام احمد، عبد بن حمید، ابوداؤد اور نسائی نے بہز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ کے سلسلہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی ہم اپنی عورتوں کے کس حصہ میں آئیں اور کیا چھوڑ دیں؟ فرمایا وہ تیری کھیتی ہے جیسے چاہے آ لیکن اس کے چہرے پر نہ مار اور اسے برا بھلا نہ کہہ اور نہ اسے چھوڑ مگر گھر میں اسے کھلا جب تو کھائے، اسے پہنا جب تو پہنے اور یہ کیسے نہ ہو تم ایک دوسرے سے علیحدگی میں مل چکے ہو، مگر جو اس پر حلال ہو۔

امام شافعی نے (الام میں)، ابن ابی شیبہ، احمد، نسائی، ابن ماجہ، ابن المنذر اور بیہقی نے سنن میں حضرت خزیمہ بن ثابت سے روایت کیا ہے کہ ایک سائل نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ عورتوں کی دبر میں وطی کا کیا حکم ہے؟ فرمایا حلال ہے یا فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں۔ جب وہ واپس مڑا تو فرمایا تو نے کیسے سوال کیا تھا کہ دبر کی طرف سے قبل میں ہو تو جائز ہے لیکن دبر کی طرف سے دبر میں وطی جائز نہیں۔ اللہ تعالیٰ حق کے بیان سے نہیں شرماتا تم اپنی عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو(3)۔

امام الحسن بن عرفہ نے اپنے جزء میں اور ابن عدی اور دارقطنی نے حضرت جابر بن عبد اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حیا کرو، اللہ تعالیٰ حق بیان کرنے سے نہیں شرماتا، عورتوں کی دبر میں وطی حلال نہیں ہے(4)۔

ابن عدی نے جابر سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عورتوں کی دبر (میں وطی کرنے سے) بچو۔

امام ابن ابی شیبہ، ترمذی (انہوں نے اس کو حسن کہا ہے)، نسائی اور ابن حبان نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا جو کسی مرد سے بدفعلی کرتا ہے یا عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے(5)۔

امام ابوداؤد، الطیالسی، احمد اور بیہقی نے اپنی سنن میں عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے سلسلہ سے روایت کیا ہے کہ نبی

3۔ سنن ابن ماجہ، باب النھی عن الاتیان النساء فی ادبارھن، جلد 2، صفحہ 456 (1924)

4۔ سنن الدارقطنی، باب النکاح، جلد 3، صفحہ 288 (108) مطبوعہ دار المحاسن قاہرہ

5۔ جامع ترمذی مع عارضۃ الاحوذی، جلد 5، صفحہ 90 (1165) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت

کریم ﷺ نے فرمایا جو عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے یہ چھوٹی لواطت ہے(1)۔

امام نسائی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ سے حیاء کرو جیسے حیاء کرنے کا حق ہے، اپنی عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو۔

امام احمد، ابوداؤد اور نسائی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ ملعون ہے جو اپنی بیوی کی دبر میں وطی کرتا ہے۔

امام ابن عدی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے کسی مرد یا عورت کی دبر میں لواطت کی اس نے کفر کیا۔

امام عبدالرزاق، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، نسائی اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں مردوں اور عورتوں کی دبر میں وطی کرنا کفر ہے حافظ ابن کثیر کہتے ہیں یہ موقوف اصح ہے(2)۔ وکیع اور البزار نے عمر بن خطاب سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حق سے نہیں شرماتا تم اپنی عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو۔

امام نسائی نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں اللہ سے حیاء کرو، اللہ تعالیٰ حق کے بیان سے نہیں شرماتا تم عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو (ابن کثیر کہتے ہیں موقوف اصح ہے)

امام ابن عدی نے الکامل میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو۔

امام ابن وہب اور ابن عدی نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو عورتوں کی دبر میں وطی کرتا ہے وہ ملعون ہے۔

امام احمد نے حضرت طلق بن یزید یا یزید بن طلق رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حق کے بیان سے حیا نہیں فرماتا تم اپنی عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو۔

امام ابن ابی شیبہ نے حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کی دبر میں وطی کرنے سے منع فرمایا اور فرمایا اللہ تعالیٰ حق کے بیان سے حیا نہیں فرماتا۔

امام ابن ابی شیبہ، احمد، ترمذی (انہوں نے اسے حسن کہا ہے) اور بیہقی نے حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اپنی عورتوں کی دبر میں وطی نہ کرو، اللہ تعالیٰ حق کے بیان کرنے سے نہیں شرماتا(3)۔

امام عبدالرزاق، ابن ابی شیبہ، احمد، عبد بن حمید، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے

1۔ سنن کبریٰ از بیہقی، باب الاتیان فی ادبارہن، جلد 7، صفحہ 198، مطبوعہ دارالفکر بیروت 2۔ ایضاً

3۔ شعب الایمان، جلد 4، صفحہ 355 (5375) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اپنی عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر عنایت نہیں فرمائے گا(1)۔

امام عبدالرزاق، عبد بن حمید، نسائی اور بیہقی نے الشعب میں طاؤس رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ابن عباس سے اس شخص کے بارے پوچھا گیا جو بیوی کی دبر میں وطی کرتا ہے تو ابن عباس نے فرمایا یہ شخص مجھ سے کفر کے متعلق پوچھتا ہے۔

امام عبدالرزاق اور بیہقی نے الشعب میں عکرمہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر نے ایسا کرنے والے شخص کو سزا دی تھی۔

امام عبدالرزاق، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید اور بیہقی نے حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ان سے عورتوں کی دبر میں وطی کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا ایسا نہیں کرتا مگر کافر(2)۔

امام عبدالرزاق، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید اور بیہقی نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ان سے اس شخص کے متعلق روایت کیا گیا جو اپنی بیوی کی دبر میں وطی کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا یہ چھوٹی لواطت ہے(3)۔

امام عبدالرزاق، عبد بن حمید اور بیہقی نے حضرت زہری رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے حضرات سعید بن المسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رحمہما اللہ سے اس کے متعلق پوچھا تو ان دونوں نے اس کو ناپسند کیا اور منع فرمایا۔ عبداللہ بن احمد اور بیہقی نے قتادہ سے روایت کیا ہے کہ ان سے اس شخص کے متعلق پوچھا گیا جو عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا مجھے عقبہ بن وشاح نے بتایا کہ ابو درداء نے فرمایا ایسا نہیں کرتا مگر کافر(4)۔ فرماتے ہیں مجھے عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے سلسلہ سے یہ خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ چھوٹی لواطت ہے۔

امام بیہقی نے الشعب میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے (بیہقی نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے) فرماتے ہیں کچھ چیزیں قرب قیامت کے وقت اس امت میں پائی جائیں گی۔ ان میں ایک یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی یا اپنی لونڈی کی دبر میں لواطت کرے گا۔ یہ ان چیزوں میں ہے جن کو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے اور اس پر اللہ اور اس کا رسول سخت ناراض ہوتے ہیں۔ ایک یہ ہے کہ عورت عورت سے وطی کرے گی اور یہ بھی اللہ اور اس کے رسول نے حرام قرار دیا ہے، ان لوگوں کی نماز ہی نہیں جب تک یہ اس عمل پر قائم رہیں حتی کہ اللہ کی بارگاہ میں خالص توبہ کرلیں، حضرت زر فرماتے ہیں میں نے ابی بن کعب سے پوچھا تو بہ نصوح کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا میں نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا توبہ نصوح یہ ہے کہ جب تجھ سے کوئی غلطی ہو جائے تو گناہ پر شرمندہ ہو اور اپنی ندامت کے ساتھ اپنی برائی کو چھوڑتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے۔ پھر کبھی اس گناہ کی طرف نہ لوٹے(5)۔

امام عبد بن حمید نے حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں جو عورت کی دبر میں وطی کرتا ہے وہ ایسا ہی ہے

1۔ سنن ابن ماجہ، باب النہی عن اتیان النساء فی ادبارہن، جلد 2، صفحہ 456 (1923)

2۔ سنن کبری از بیہقی، باب اتیان النساء فی ادبارہن، جلد 7۔ صفحہ 199

3۔ ایضاً، جلد 7، صفحہ 198

4۔ ایضاً، جلد 7، صفحہ 97-198

5۔ شعب الایمان، جلد 4، صفحہ 375، (5457)

Tafsir Durre Mansor J1 Told That All 20 Ahadith (مرفوع احادیث) Prohibiting Anal Sex Are Weak (Urdu)

جیسے مرد سے بدفعلی کرتا ہے پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَ لَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ یعنی جہاں سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں حیض کی حالت میں جدا ہونے کا حکم دیا تھا پھر آپ نے یہ آیت پڑھی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ الخ اور فرمایا اگر تو چاہے تو وہ کھڑی ہو بیٹھی ہو سیدھی لیٹی ہو یا الٹی لیٹی ہو لیکن ہو فرج میں۔

امام عبد بن حمید نے قتادہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں طاؤس سے عورتوں کی دبر میں وطی کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا یہ کفر ہے، یہ عمل قوم لوط سے شروع ہوا، وہ اپنی عورتوں کی دبر میں وطی کرتے تھے اور مرد مرد سے لواطت کرتا تھا۔

امام ابوبکر الاشرم نے سنن میں، اور ابو بشر دولابی نے الکنی میں ابن مسعود سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا عورتوں کی دبر تم پر حرام ہے۔

امام ابن ابی شیبہ، دارمی اور بیہقی نے سنن میں حضرت ابن مسعود سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں عورتوں کی دبر تم پر حرام ہے۔ حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں یہ موقوف حدیث اصح ہے۔ حفاظ حدیث فرماتے ہیں اس مسئلہ کے متعلق تمام مرفوع احادیث جن کی تعداد تقریباً بیس ہے سب کی سب ضعیف ہیں ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے اور ان میں سے موقوف صحیح ہے۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں منکر ہے کسی طریق سے بھی صحیح نہیں ہے جیسا کہ بخاری، البزار، نسائی اور دوسرے علماء نے تصریح کی ہے۔

امام نسائی، طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت ابوالنضر رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے نافع مولی بن عمر سے کہا کہ تمہارے متعلق یہ بات مشہور ہے کہ تم اکثر کہتے ہو کہ ابن عمر سے مروی ہے کہ انہوں نے عورتوں کی دبر میں وطی کرنے کا فتویٰ دیا تھا؟ انہوں نے فرمایا لوگوں نے مجھ پر جھوٹ گھڑا ہے۔ میں ابھی آپ کو اصل حقیقت سے آگاہ کرتا ہوں۔ ابن عمر قرآن پڑھ رہے تھے اور میں آپ کے پاس تھا۔ جب آپ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ کی آیت پر پہنچے تو فرمایا اے نافع تم اس آیت کے نزول کے متعلق جانتے ہو میں نے کہا نہیں فرمایا ہم قریشی لوگ عورتوں کی دبر کی طرف سے قبل میں وطی کرتے تھے۔ ہم جب مدینہ طیبہ پہنچے تو ہم نے انصار کی عورتوں سے نکاح کئے ہم نے اپنے طریقہ پر ان سے وطی کرنی چاہی تو انہوں نے اس طریقہ کو ناپسند کیا اور اس کا انکار کیا اور انصار کی عورتیں یہود کے طریقہ پر تھیں پہلو کے بل ان سے وطی کی جاتی تھی۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ الخ۔

امام دارمی نے حضرت سعید بن یسار ابوالحباب رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا آپ لونڈیوں کی دبر میں وطی کے بارے کیا کہتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کیا کوئی مسلمان بھی ایسا کرتا ہے۔

امام بیہقی نے سنن میں عکرمہ بن عباس کے طریق سے روایت کیا ہے کہ وہ دبر میں وطی کو انتہائی عیب شمار کرتے تھے(1)۔

الواحدی نے الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں یہ آیت کریمہ مہاجرین کے متعلق نازل ہوئی، جب وہ مدینہ طیبہ آئے تو انہوں نے انصار اور یہود کے درمیان عورتوں کے آگے اور پیچھے کی طرف سے وطی کرنے کا ذکر

1۔ سنن کبریٰ از بیہقی، باب اتیان الرجال فی ادبارہن، جلد 7، صفحہ 199

Bukhari & Tabari said: "in Anus"

کیا جب کہ وطی فرج میں ہو۔ یہود نے پیچھے کی طرف سے آنے کو معیوب کہا، انہوں نے کہا یہ صرف آگے کی طرف سے ہی جائز ہے۔ یہود نے کہا ہم اپنی کتاب میں پڑھتے ہیں کہ جو عورتوں کے ساتھ ایسی حالت میں وطی کرتے ہیں جب کہ وہ چت [illegible] اللہ کے نزدیک گندے ہیں [illegible]

یہ مسئلہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کیا اور عرض کی ہم زمانہ جاہلیت میں اور زمانہ اسلام میں جیسے چاہتے تھے عورتوں پاس آتے تھے اب یہود نے ہم پر اعتراض کیا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہود کو جھٹلایا اور یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ الآیہ۔ فرمایا فرج ہی بچے کی کھیتی ہے۔ پس تم اپنی کھیتی میں آؤ جیسے چاہو آگے سے، پیچھے سے (لیکن) ہو فرج میں۔

مذکورہ آیت کریمہ کے متعلق دوسرا قول

امام اسحٰق بن راہویہ (نے اپنی سند اور تفسیر میں) بخاری اور ابن جریر نے حضرت نافع رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے [illegible] نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ [illegible] آیت کا شان [illegible] میں۔ فرمایا یہ آیت کریمہ عورتوں کی دبر میں وطی کرنے کے متعلق نازل ہوئی (1)۔

م بخاری ابن جریر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ فرمایا دبر میں آؤ (2)

م الخطیب نے رواۃ مالک میں نضر بن عبداللہ الازدی کے طریق سے حضرت عن مالک عن نافع عن عبداللہ بن عمر رضی کے سلسلہ سے آیت کریمہ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ کے متعلق روایت کیا ہے کہ عبداللہ بن عمر نے فرمایا مرد اگر چاہے تو ج) میں وطی کرے، اگر چاہے تو دبر میں کرے۔

م الحسن بن سفیان نے اپنی مسند میں، طبرانی نے الاوسط میں، حاکم اور ابونعیم نے مستخرج میں حسن سند کے ساتھ حضرت سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں یہ آیت کریمہ عورتوں کی دبر میں وطی کرنے کی رخصت کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

م ابن جریر، طبرانی (الاوسط میں)، ابن مردویہ اور ابن النجار نے حسن سند کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یا ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی عورت کی دبر میں وطی کی تو لوگوں نے اس کو عجیب سمجھا اور نے کہا اس کے لنگوٹ کر دو، اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ۔ (3)

م الخطیب نے راوۃ مالک میں احمد بن حکم العبدی کے طریق سے حضرت مالک عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سے نقل کیا ہے ابن عمر فرماتے ہیں ایک انصاری عورت اپنے خاوند کی شکایت رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لائی تو یہ ل ہوئی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ (الآیہ)۔

نسائی اور ابن جریر نے حضرت زید بن اسلم عن ابن عمر کے طریق سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک آدمی نے اپنی بیوی وطی کی پھر اس کو بڑا دکھ ہوا تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ۔ (4)

دارقطنی نے غرائب مالک میں ابوبشر الدولابی کے طریق سے بیان کرتے ہیں سند بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 472 2۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 473 3۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 473 4۔ ایضاً

WWW.NAFSEISLAM.COM

حضرت نافع رحمہ اللہ فرماتے ہیں مجھے ابن عمر نے فرمایا اے نافع میرے سامنے قرآن پکڑو۔ انہوں نے قرآن پڑھا جب نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ کی آیت پر پہنچے تو مجھے فرمایا اے نافع تم جانتے ہو کہ یہ آیت کیوں نازل ہوئی۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا یہ ایک انصاری کے متعلق نازل ہوئی جس نے اپنی بیوی کی دبر میں وطی کی تھی، لوگوں نے اس کا انکار کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمادی۔ میں نے ابن عمر سے پوچھا کیا دبر کی طرف سے قبل میں اس نے وطی کی تھی؟ ابن عمر نے فرمایا نہیں دبر میں وطی کی تھی۔ الرفاعی نے فوائد تخریج الدار قطنی میں بنایا ابواحمد بن عدوس بنا نا علی بن جعد بنا ابن ابی ذئب عن نافع عن ابن عمر کے سلسلے سے روایت کرتے ہیں کہ ابن عمر نے فرمایا ایک شخص نے اپنی بیوی کی دبر میں وطی کی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ فرماتے ہیں میں نے ابن ابی ذئب سے کہا آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے؟ انہوں نے فرمایا اس کے بعد اس کے متعلق میں کیا کہوں۔

امام طبرانی، ابن مردویہ اور حضرت احمد بن اسامہ التجیبی رحمہ اللہ نے اپنے فوائد میں نافع سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے سورۂ بقرہ پڑھی پھر جب اس آیت نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ سے گزرے تو فرمایا کیا تم جانتے ہو یہ کیوں نازل ہوئی؟ فرمایا نہیں فرمایا یہ ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو اپنی عورتوں کی دبروں میں وطی کرتے تھے۔

امام دار قطنی اور دیلج دونوں نے غرائب مالک میں ابومصعب اور اسحٰق بن محمد القروی کے طریق سے حضرت نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہما کے سلسلہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا مجھ پر قرآن پکڑو پھر انہوں نے اس کی تلاوت شروع کی حتی کہ وہ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ کی آیت پر پہنچے تو فرمایا اے نافع کیا تم جانتے ہو یہ آیت کیوں نازل ہوئی؟ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا یہ آیت ایک انصاری کے متعلق نازل ہوئی جس نے بیوی کی دبر میں وطی کی تھی پھر اسے دل میں پریشانی لاحق ہوئی، اس نے نبی کریم ﷺ سے مسئلہ پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ دار قطنی کہتے ہیں یہ حدیث حضرت امام مالک سے ثابت ہے، ابن عبدالبر کہتے ہیں اس معنی کی ابن عمر سے روایت صحیح معروف اور مشہور ہے۔

امام ابن راہویہ، ابویعلی، ابن جریر، الطحاوی (مشکل الآثار) اور ابن مردویہ نے حسن سند کے ساتھ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کی دبر میں وطی کی تو لوگوں نے اس پر اعتراض کیا۔ پس یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ۔ (1)

امام نسائی، طحاوی، ابن جریر اور دار قطنی نے حضرت عبدالرحمٰن بن القاسم عن مالک بن انس رضی اللہ عنہ کے سلسلہ سے روایت کیا ہے کہ ان سے پوچھا گیا اے ابوعبداللہ لوگ سالم بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ العبدیا العلج نے میرے باپ کے متعلق جھوٹ بولا، مالک نے کہا میں یزید بن ہارون پر گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے مجھے سالم بن عبداللہ عن ابن عمر کے سلسلے سے بالکل اسی طرح روایت کیا ہے جس طرح نافع نے کیا ہے، مالک سے کہا گیا کہ حادث بن یعقوب ابوالحباب سعید بن یسار سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے ابن عمر سے پوچھا اے ابوعبدالرحمٰن ہم لونڈیاں خریدتے ہیں، کیا ہم ان کے لئے تحمیص کرلیا کریں، ابن عمر نے پوچھا تحمیص کیا ہے، انہوں نے دبر (میں وطی کا) ذکر کیا، ابن عمر نے کہا اف

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2 صفحہ 473

Page No. 687 & 688 is missed in soft copy.

پانی سے بچہ پیدا نہیں ہوتا۔ جب اللہ تعالیٰ کسی شے کے پیدا کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو کوئی چیز اس کو روک نہیں سکتی (7)۔

امام عبدالرزاق، ترمذی (انہوں نے اس کو صحیح کہا ہے) اور نسائی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ہم نے عرض کی یا رسول اللہ ہم عزل کرتے تھے جب کہ یہود کہتے ہیں کہ یہ موءودۃ صغریٰ ہے (چھوٹا زندہ درگور کرنا ہے)۔



تھے، سونے کی انگوٹھی پہننا، تہبند کا گھسیٹنا، ایسی خوشبو استعمال کرنا جس کا رنگ ہو، بڑھاپے کو بدلنا، معوذات کے علاوہ دم کرنا، تعویز لٹکانا، چوسر کے پانسے پھینکنا، غیر محل میں زینت کا اظہار، آزاد عورت سے عزل کرنا اور بچے کو بگاڑنا، یہ دس حرام ہیں(1)

اس آیت کے متعلق چوتھا قول

امام عبد بن حمید نے ابن الحنفیہ سے روایت کیا ہے کہ اس آیت میں اَنّٰی شِئْتُمْ سے مراد اِذَا شِئْتُمْ ہے یعنی جب چاہو۔

امام ابن ابی حاتم نے حضرت عکرمہ رحمہ اللہ سے وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ کے تحت فرمایا کہ اس سے مراد بچہ ہے۔

امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس سے روایت کیا ہے کہ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ جماع کے وقت بسم اللہ پڑھنا ہے(2)۔

امام عبد الرزاق (المصنف میں) ابن ابی شیبہ، احمد، بخاری، مسلم، ترمذی، ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ اور بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے تو کہے بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا، اگر ان کے لئے بچہ مقدر کیا گیا تو اسے کبھی شیطان نقصان نہیں پہنچائے گا(3)۔

امام عبد الرزاق اور العقیلی (الضعفاء میں) حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں میرے خلیل ابو القاسم ﷺ نے حکم دیا کہ ہم سامان نہ بنائیں مگر مسافر جیسا سامان بنائیں۔ ہم قیدی نہ بنائیں مگر جن سے خود نکاح کریں یا آگے ان کا کسی سے نکاح کریں اور ہمیں حکم دیا کہ جب ہم میں سے کوئی اپنے اہل پر داخل ہو تو نماز پڑھے اور اپنی اہلیہ کو حکم دے کہ اس کے پیچھے نماز پڑھیں۔ وہ دعا کرے اور اہلیہ کو حکم دے کہ وہ آمین کہے۔

امام عبد الرزاق اور ابن ابی شیبہ نے حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک شخص عبد اللہ بن مسعود کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے ایک نوجوان لڑکی سے نکاح کیا ہے اور مجھے خدشہ ہے کہ وہ مجھ سے لڑے گی، عبد اللہ نے فرمایا الفت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جھگڑنا شیطان کی طرف سے ہے۔ وہ ناپسند کر رہا ہے جو اللہ نے اس کے لئے حلال کیا ہے۔ جب وہ تیرے پاس آئے تو اسے اپنے پیچھے نماز پڑھنے کا حکم دے پھر یہ دعا کر اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْ اَهْلِيْ وَبَارِكْ لَهُمْ فِيَّ وَارْزُقْنِيْ مِنْهُمْ وَارْزُقْهُمْ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنَنَا مَاجَمَعْتَ وَفَرِّقْ بَيْنَنَا اِذَا فَرَّقْتَ اِلٰى خَيْرٍ۔(4)

امام عبد الرزاق اور ابن ابی شیبہ نے ابو سعید مولیٰ بنی اسد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں میں نے ایک عورت سے نکاح کیا اور میں نے نبی کریم ﷺ کے اصحاب کو دعوت دی۔ ان میں حضرات ابو ذر اور ابن مسعود بھی تھے۔ انہوں نے مجھے سکھایا کہ جب تیری اہلیہ تیرے پاس آئے تو تو دو رکعت نماز پڑھ اور اسے حکم دے کہ وہ تیرے پیچھے نماز پڑھے پھر اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر اللہ تعالیٰ سے اس کے خیر کا سوال کر اور اس کے شر سے پناہ مانگ پھر اپنے حقوق پورے کر(5)۔

1۔ سنن کبریٰ از بیہقی باب من کرہ العزل، جلد 7، صفحہ 232
2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 478
3۔ جامع ترمذی، کتاب النکاح، جلد 1، صفحہ 129، مطبوعہ ادارہ تالیفات اشرفیہ
4۔ مصنف عبد الرزاق، جلد 6، صفحہ 191 (10460)
5۔ ایضاً، جلد 6، صفحہ 192 (10462)

امام عبدالرزاق نے حضرت الحسن رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں کہا جاتا ہے کہ جب کوئی مرد اپنی بیوی کے پاس آئے تو یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَلَا تَجْعَلِ الشَّيْطَانَ نَصِيْبًا فِيْمَا رَزَقْتَنَا۔ فرمایا امید کی جاتی ہے کہ اگر عورت حاملہ ہوئی تو نیک بچہ ہوگا (1)۔

امام ابن ابی شیبہ اور الخرائطی نے مکارم اخلاق میں علقمہ رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت ابن مسعود جب اپنی بیوی سے حقوق زوجیت ادا کرتے پھر جب فارغ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْمَا رَزَقْتَنَا نَصِيْبًا۔

امام الخرائطی نے عطاء سے قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ کے تحت روایت کیا ہے کہ اس سے مراد جماع کے وقت بسم اللہ پڑھنا ہے۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۲۴

''اور نہ بناؤ اللہ (کے نام) کو رکاوٹ اس کی قسم کھا کر کہ نیکی نہ کرو گے اور پرہیزگاری نہ کرو گے اور صلح نہ کراؤ گے لوگوں میں اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا جاننے والا ہے''۔

امام ابن جریر، ابن المنذر، ابن ابی حاتم اور بیہقی نے اپنی مسند میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت کے تحت روایت کیا ہے کہ تو مجھے اپنی قسم کی وجہ سے نیکی نہ کرنے کے لئے آڑ نہ بنا لیکن تو قسم کا کفارہ ادا کر اور نیکی کا کام کر (2)۔

امام عبد بن حمید اور ابن جریر نے ابن عباس سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے قریبی رشتہ دار سے بات نہ کرنے یا صدقہ نہ کرنے کی قسم اٹھائے یا دو شخصوں کے درمیان رنجش ہو اور وہ قسم اٹھائے کہ میں ان کے درمیان صلح نہیں کراؤں گا اور کہے کہ میں نے قسم اٹھائی ہوئی ہے۔ ابن عباس فرماتے ہیں ایسا شخص اپنی قسم توڑ کر کفارہ دے (3)۔

امام ابن جریر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک شخص نیکی یا تقویٰ میں سے کسی کام کے نہ کرنے پر قسم اٹھاتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے منع فرمایا ہے (4)۔

امام ابن المنذر نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک آدمی قسم اٹھاتا تھا کہ وہ صلہ رحمی نہیں کرے گا، لوگوں کے درمیان صلح نہیں کرائے گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔

امام ابن ابی حاتم نے حضرت عطاء رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے فرماتے ہیں ایک شخص حضرت عائشہ کے پاس آیا اور کہا کہ میں نے نذر مانی ہے کہ اگر میں فلاں سے بات کروں تو میرا ہر غلام آزاد ہے اور میرا تمام بیت اللہ کے لئے پردہ ہے۔ حضرت عائشہ نے فرمایا نہ اپنے غلاموں کو آزاد کر اور نہ اپنے مال کو بیت اللہ کے لئے پردے بنا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وَلَا تَجْعَلُوا

1۔ مصنف عبدالرزاق، جلد 6، صفحہ 194 (10467)
2۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 2، صفحہ 480
3۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 479
4۔ ایضاً، جلد 2، صفحہ 480

ہم جنسی اور وطی فی الدبر

ہم جنسی اور وطی فی الدبر

سوال: قرآن کے مطابق مرد کا مرد کے ساتھ جنسی تعلق حرام ہے۔ کیا عورت کا عورت کے ساتھ جنسی تعلق بھی حرام ہے؟ کیا مرد عورت کی پچھلی شرم گاہ استعمال کر سکتا ہے؟

(محمد کامران مرزا)

جواب: جس وجہ سے مرد کا مرد سے جنسی تعلق حرام ہے، اسی وجہ سے عورت کا عورت سے جنسی تعلق بھی حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جنسی تعلق کی ایک ہی صورت کو جائز قرار دیا ہے اور وہ یہ ہے کہ عورت اور مرد نکاح کے ذریعے سے ایک دوسرے سے یہ تعلق قائم کریں۔ میاں بیوی کے علاوہ ہر صورت قرآن کے نزدیک بے حیائی، بدکاری اور نافرمانی ہے۔ ہم جنسی اللہ تعالیٰ کے سکھائے ہوئے طریقے سے انحراف ہے۔ اللہ کی بنائی ہوئی فطرت میں بگاڑ ہے اور اللہ کی دی ہوئی واضح شریعت کے بھی خلاف ہے۔ آپ کے سوال کا آخری حصہ جس فعل سے متعلق ہے، وہ بھی اپنی نوعیت میں اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی فطرت سے انحراف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں واضح طور پر بیان کر دیا ہے کہ عورت سے جنسی تعلق اسی طرح قائم کرو جس طرح اللہ نے حکم دیا ہے۔ حکم سے مراد فطری طریقہ ہے جو انسان کو اچھی طرح معلوم ہے، اس سے انحراف کسی طرح جائز نہیں ہے۔

تحریر: طالب محسن

http://www.al-mawrid.org/pages/questions_urdu_detail.php?qid=523&cid=429

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ: اے حبیب! مومنوں کو خوشخبری دو۔ یعنی وہ لوگ جو اللہ کے احکام کو بجالانے والے اور ہر اس چیز کو ترک کرنے والے ہیں جس سے اس نے روکا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ کا معنی یہ ہے کہ بیوی کے ساتھ ہم بستری کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھ لیا کرو۔ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی اپنی بیوی کے پاس جانے کا ارادہ کرے تو یہ دعا پڑھے۔ (بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا) آپ فرماتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ نے اس جماع کے بعد بچہ عطا فرمادیا تو شیطان اس بچے کو کبھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا(1)۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

''اور نہ بناؤ اللہ (کے نام) کو اپنی قسموں کا وٹ اس کی قسم کھا کر کہ نیکی نہ کرو گے اور پرہیزگاری نہ کرو گے اور صلح نہ کراؤ گے لوگوں میں اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا جاننے والا ہے نہیں پکڑے گا تمہیں اللہ تعالیٰ تمہاری لایعنی قسموں پر لیکن پکڑے گا تمہیں ان قسموں پر جن کا ارادہ تمہارے دلوں نے کیا ہے اور اللہ بہت بخشنے والا حلم والا ہے''۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے، نیکی اور صلہ رحمی نہ کرنے کے لیے خدا کی قسموں کو نشانہ نہ بناؤ۔ یعنی یہ قسم نہ کھاؤ کہ میں یہ نیکی کا کام نہیں کروں گا۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ.....(النور:22) (اور نہ قسم کھائیں جو برگزیدہ ہیں ان میں سے اور خوشحال ہیں اس بات پر کہ وہ نہ دیں گے رشتہ داروں کو اور مسکینوں کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنے والوں کو۔ اور

1۔ فتح الباری، کتاب بدء الخلق: 335/6

053_Ibn Kathir 1.pdf

Tafsire Mazhari J1 Told That All 20 Ahadith Prohibiting Anal Sex Are Weak (Urdu)

طیبہ سے اشارۃً ثابت ہے یا پھر حیض والی عورت سے وطی کے حرام ہونے پر قیاس کرنے سے ثابت ہے کیونکہ اس میں اسی طرح غلاظت ہے جیسے حیض کے دوران وطی کرنے میں غلاظت ہے۔لیکن وطی مطلقاً غلاظت ہے، چاہے قبل میں ہو یا دُبر میں، چاہے وہ مرد کی ہو یا عورت کی، اسی وجہ سے اس کے سبب غسل واجب ہو جاتا ہے لیکن نسل کو باقی رکھنے کے لئے ضرورۃً قبل میں وطی کو مباح قرار دیا گیا ہے اور پھر اس اباحت کے لئے چند شرائط مقرر کی گئی ہیں۔مثلاً نکاح ہونا،محرم نہ ہونا، رحم کا خالی ہونا، حیض سے پاک ہونا وغیرہ۔ جبکہ دُبر میں وطی کی کوئی ضرورت نہیں چاہے، مفعول بہ (جس کے ساتھ وطی کی گئی) مرد ہو یا عورت۔لہٰذا یہ غلاظت کی علت کے سبب حرام باقی رہے گی۔مرد کی دُبر میں مرد کی وطی کا حرام ہونا نصوص قطعیہ اور اجماع سے ثابت ہے اور اسی عمل کے سبب حضرت لوط علیہ السلام کی قوم ہلاک ہوئی۔اسی طرح آدمی کا عورت کی دُبر میں وطی کرنا بھی حرام ہے۔اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے قول فَاْتُوْهُنَّ کو مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ سے مقید کیا ہے۔اور اذیت کی علت کے سبب جماع کی حرمت کے وہم کو دور کرنے کے لئے اور اباحت کی ضرورت کی وجہ بیان کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس آیت کے بعد اپنا یہ قول ذکر فرمایا۔

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲۲۳

''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں ۱؎ سو تم آؤ اپنے کھیت میں جس طرح چاہو ۲؎ اور پہلے پہلے کر لو اپنی بھلائی کے کام ۳؎ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور خوب جان لو کہ تم ملنے والے ہو اس سے اور (اے حبیب) خوشخبری دو مومنوں کو ۴؎''

۱؎ یعنی تمہارے لئے کھیتی کا محل ہیں۔اس میں عورتوں کو کھیت کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اس بناء پر کہ ان کی رحموں میں پھینکا جانے والا نطفہ بیج کی مثل ہے۔یعنی تمہارے لئے ان کے ساتھ وطی کرنا نسل کو باقی رکھنے کے لئے ضرورۃً مباح ہے۔

۲؎ ''فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ'' یعنی ان کی فرجوں میں جماع کرو جیسے تم چاہو۔یہ قول فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ کا بیان ہے۔اس میں لفظ اَنّٰى کیف اور این کے معنی میں مشترک ہے۔لیکن یہاں این کے معنی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔کیونکہ یہ محل کے عموم پر دلالت کرتا ہے اور یہاں محل حرث تو صرف ایک ہے۔لہٰذا یہ متعین ہو گیا کہ یہ کیف کے معنی میں ہے اور اسی کا تقاضا وہ تحقیق بھی کرتی ہے جو آیت طیبہ کے سبب نزول کے بارے ہم ذکر کریں گے، واللہ اعلم۔

ہم نے یہ جو کہا ہے کہ عورتوں کے ساتھ ان کی دُبروں میں وطی کرنا حرام ہے۔یہ قول امام اعظم ابوحنیفہ، امام احمد اور جمہور اہل سنت کا ہے اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے یہ بیان کیا گیا ہے کہ آپ نے عورت کی دُبر میں وطی کے جواز کا قول کیا ہے، حالانکہ ان کے اکثر اصحاب ان کے بارے یہ نظریہ ہونے کا انکار کرتے ہیں اور صحیح بات یہی ہے کہ بیشک ان کا یہ مذہب تھا پھر انہوں نے یا ان کے اصحاب نے اس سے رجوع کر لیا اور حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس میں دو قول ہیں۔آپ کا پہلا قول یہ ہے جسے ابن عبدالحکم کے واسطہ سے آپ سے نقل کیا گیا ہے کہ آپ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ سے اس کی تحریم اور تحلیل میں کوئی بھی صحیح روایت موجود نہیں اور قیاس یہی ہے کہ یہ عمل حلال ہے۔گویا کہ انہوں نے اسے اس صورت پر قیاس کیا ہے کہ کسی نے اپنا ذکر عورت کی رانوں یا ہاتھ میں داخل کیا ہو تو اس کے لئے ایسا کرنا حلال ہے۔حاکم نے اپنی سند کے ساتھ ابن عبدالحکم سے روایت نقل کی ہے کہ اس نے حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے عورت کی دُبر میں وطی کرنے کے مسئلہ کے بارے میں گفتگو کی تو انہوں نے کہا کہ محمد بن حسن نے مجھ سے سوال کیا تھا۔تو میں

نے انہیں کہا اگر تم غلبہ حاصل کرنے اور روایات کو صحیح بنانے کا ارادہ رکھتے ہو اگرچہ وہ صحیح نہ ہوں تو پھر تم زیادہ جانتے ہو اور اگر تم انصاف کے ساتھ کلام کرو تو پھر میں تمہارے ساتھ گفتگو کرتا ہوں۔ تو انہوں نے کہا میں منصفانہ کلام کا ارادہ رکھتا ہوں۔ پھر میں نے کہا کس شئ کے سبب تم نے اسے حرام قرار دیا ہے۔ تو انہوں نے کہا رب کریم کے اس ارشاد گرامی کی وجہ سے "فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ، فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ" اس میں کھیتی صرف فرج میں بوئی جاسکتی ہے۔ میں نے کہا کیا اس کے سوا میں جو کچھ ہوتا ہے وہ حرام ہے؟ تو انہوں نے کہاں جی ہاں! پھر میں نے کہا اس کے بارے تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر کوئی عورت کی پنڈلیوں کے درمیان یا بطن کے نیچے وطی کرے یا عورت اس کا ذکر اپنے ہاتھ میں پکڑ لے کیا اس میں حرث کا معنی ہے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ میں نے کہا کیا تم اسے حرام قرار دیتے ہو؟ تو انہوں نے کہا نہیں۔ پھر میں نے کہا اس سے تم کیونکر استدلال کر سکتے ہو جس میں حجت بننے کی قوت ہی نہیں۔ تو انہوں نے کہا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ (اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔) میں نے کہا اس قول سے وہ اس امر کے جواز کا استدلال کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی ہے جو اپنی شرمگاہ کو اپنی بیوی اور لونڈی کے سوا سے محفوظ رکھتے ہیں۔ پس میں نے کہا کہ تم کہتے ہو کہ یہ اپنی بیوی اور لونڈی سے حفاظت کرنے والے کے لئے ہے۔ پھر میں نے کہا کہ جب ہم نے ذکر کیا ہے کہ عورتوں کی دُبر میں وطی کے حرام ہونے کا سبب غلاظت ہے، تو یہ سبب وہاں موجود نہیں۔ جس نے عورت کی پنڈلیوں کے درمیان یا اسی جیسے کسی اور مقام پر وطی کی۔ نتیجۃً انہوں نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے قیاس کو غالب قرار دیا۔ لیکن پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اس قول سے رجوع کر لیا۔ حاکم نے کہا ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اپنے پرانے قول میں ایسا کہا کرتے تھے لیکن آپ کے جدید اور مشہور قول میں یہ ہے کہ آپ نے بھی اسے حرام ہی کہا ہے اور ربیع نے کہا ہے کہ ابن عبدالحکم نے کذب بیانی سے کام لیا ہے۔ قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی سنن میں اس عمل کو حرام قرار دیا ہے اور آپ سے ایک جماعت نے اسے نقل کیا ہے۔ ان میں سے الماوردی نے الحاوی میں اور ابونصر بن الصباح نے الشامل میں اسے بیان کیا ہے وغیرہم۔ ربیع نے ابن عبدالحکم کی جو تکذیب کی ہے اس کے بارے شیخ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ اس کا کوئی معنی نہیں۔ کیونکہ وہ اسے بیان کرنے میں منفرد نہیں بلکہ آخر میں عبدالرحمٰن نے بھی اس کی متابعت اختیار کی ہے اور تحقیق یہی ہے کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس بارے میں دو قول ہیں اور قول جدید ہی مرجوع الیہ ہے جس میں آپ نے اس عمل کے حرام ہونے کے بارے میں جمہور سے موافقت کی ہے۔

دُبر میں وطی کرنے کے حرام ہونے کے متعلق کئی احادیث وارد ہیں۔ ابن جوزی نے کہا ہے کہ صحابہ کرام کی ایک پوری جماعت نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے۔ ان میں حضرت عمر بن خطاب، حضرت علی بن ابی طالب، حضرت خزیمہ بن ثابت، حضرت ابوہریرہ، حضرت ابن عباس، حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص، حضرت ابن مسعود، حضرت عقبہ بن عامر، حضرت براء بن عازب، حضرت طلق بن علی، حضرت ابوذر اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی حدیث امام نسائی اور بزار نے اس سند سے نقل کی ہے "زمعه بن صالح عن ابی طاؤس عن ابیه عن الهاد عن عمر" اس میں زمعہ ضعیف ہے۔ اسے امام احمد اور ابوحاتم رحمہما اللہ تعالیٰ نے ضعیف کہا ہے اور امام ذہبی رحمۃ اللہ عنہ نے کہا کہ یہ صالح الحدیث ہے۔ اس روایت کے مرفوع یا موقوف ہونے کے بارے اختلاف ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث امام ترمذی، نسائی

1۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 472 (العلمیہ)

اور ابن ماجہ نے ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے" کہ اللہ تعالیٰ حق کہنے سے حیا نہیں فرماتا، تم اپنی عورتوں کی دُبروں میں وطی نہ کرو"(1) حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث یہ ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی کریم ﷺ سے عورتوں کے ساتھ ان کی دبر میں وطی کرنے کے بارے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا حلال ہے۔ جب وہ آدمی واپس جانے لگا تو آپ ﷺ نے اسے بلایا اور فرمایا تو نے کیسے کہا؟ یعنی دو سوراخوں میں سے کس میں؟ اگر پیچھے کی جانب سے قبل میں وطی ہو تو یہ صحیح ہے اور اگر پیچھے کی جانب سے دُبر میں وطی ہو تو یہ صحیح نہیں ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ حق کہنے سے حیا نہیں فرماتا کہ" تم عورتوں کے ساتھ ان کی دُبر میں وطی نہ کرو"(1) اسے امام شافعی، احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور دارمی رحمہم اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اس کی سند میں ایک راوی عمرو بن اجنحہ ہے جو مجہول الحال ہے اور امام نسائی نے اسے اس سند سے نقل کیا ہے۔" **عن وهب بن سويد بن هلال عن ابيه عن علي بن السائب عن حصين بن محصين عن هرمي بن عبدالله عن خزيمه** "اور ہرمی کی سند سے بھی اسے احمد، نسائی اور ابن حبان رحمہم اللہ تعالیٰ نے بھی روایت کیا ہے حالانکہ اس کا حال معلوم نہیں۔ بزار نے کہا ہے میں اس بارے میں کوئی صحیح حدیث نہیں جانتا اور جو بھی خزیمہ بن ثابت سے مروی ہے وہ غیر صحیح ہے۔ اسی طرح حاکم نے حافظ ابو علی نیشاپوری سے اور اس کی مثل نسائی سے روایت کی ہے اور کہا ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے دونوں کو قبول کیا ہے۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ ملعون ہے جس نے عورت کے ساتھ اس کی دُبر میں وطی کی(2) اور ایک روایت میں الفاظ اس طرح ہیں" **لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى اِمْرَاَةً فِيْ دُبُرِهَا**" (اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس آدمی کی طرف نہیں دیکھے گا جس نے عورت کے ساتھ اس کی دُبر میں وطی کی) اسے امام احمد، ابوداؤد اور بقیہ اصحاب سنن نے اس سند سے روایت کیا ہے۔" **عن سهيل بن ابي صالح عن الحارث بن مخلد عن ابي هريرة**"۔ اور بزار نے بھی اسے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ حارث بن مخلد مشہور نہیں ہے۔ ابن قطان نے کہا ہے اس کا حال معلوم نہیں اور اس میں سہیل کے بارے اختلاف ہے۔ دار قطنی اور ابن شاہین نے اسے اس سند سے نقل کیا ہے۔ " اسماعیل بن عیاش نے سہیل سے اس نے محمد بن منکدر سے اور اس نے جابر سے اور ابن عدی نے اس سند سے نقل کیا ہے۔"" **رواه عمر مولى عفرة عن سهيل عن ابيه عن جابر**" یہ سند ضعیف ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے۔ اسے امام احمد اور ترمذی رحمہما اللہ نے اس سند سے نقل کیا ہے۔" **حماد بن سلمه عن حكيم الاثرم عن أبي تميمة عن ابي هريرة رضي الله عنه**" اس کے الفاظ اس طرح ہیں کہ جس نے حیض والی عورت سے وطی کی، یا کسی عورت سے اس کی دُبر میں یا کوئی کاہن کے پاس آیا اور اسے سچ تسلیم کیا جو کچھ وہ کہتا رہا تو اس نے اس کے ساتھ کفر کیا جو کچھ حضور نبی کریم ﷺ پر نازل کیا گیا(3) امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ حدیث غریب ہے، ہم اسے حدیث حکیم کے سوا جانتے ہی نہیں اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ ابو تمیم کا سماع حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے معروف نہیں۔ بزار نے کہا یہ حدیث منکر ہے اور حکیم قابل حجت نہیں، وہ جس حدیث کے ساتھ منفرد ہو اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ اس کی ایک تیسری سند بھی ہے۔ جسے نسائی نے زہری عن ابی سلمۃ عن ابی ہریرہ کی روایت سے نقل کیا ہے، حمزہ الکتانی نے کہا ہے یہ حدیث منکر ہے۔ اس کے راوی عبدالملک ہیں جس میں دحیم اور ابو حاتم وغیرہ نے کلام کی ہے۔ اور محفوظ یہی ہے کہ یہ روایت موقوف ہے۔ اس کی ایک چوتھی سند بھی ہے جسے نسائی نے اس طرح نقل کیا ہے " **بكر بن خنيس عن ليث عن مجاهد عن ابي هريرة**" الفاظ اس طرح ہیں" کہ جس کسی نے مردوں یا عورتوں میں سے ان

1۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 471 (العلمیہ) 2۔ سنن ابی داؤد، جلد 1 صفحہ 301 (وزارت تعلیم) 3۔ جامع ترمذی، جلد 1 صفحہ 19 (مکتبہ امدادیہ ملتان)

کی دُبر میں وطی کی اس نے کفر کیا۔'' اس میں بکر اور لیث دونوں راوی ضعیف ہیں۔ اس کی پانچویں سند اس طرح ہے'' عبداللّٰہ بن عمر بن حبان عن مسلم بن خالد زنجی عن علاء عن ابیه عن ابی هریرة رضی اللّٰه عنه''۔ الفاظ اس طرح ہیں '' کہ وہ ملعون ہے جس نے عورتوں کے ساتھ ان کی دُبروں میں وطی کی''(1) اسے احمد اور نسائی رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ نسائی اور دوسروں نے مسلم کو ضعیف قرار دیا ہے اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے یہ بہت سچ بولنے والا ہے اور اس کی توثیق یحییٰ بن معین وغیرہ نے کی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ترمذی، نسائی، ابن حبان، احمد اور بزار رحمہم اللہ تعالیٰ نے کثیر بن عباس کی سند سے نقل کی ہے۔ بزار نے کہا ہے ہم اسے نہیں جانتے جو ابن عباس سے وہب کی نسبت احسن سند سے روایت کرتا ہو۔ ابو خالد الاحمر ،ضحاک بن عثمان عن محمد بن سلیمان عن کریب کی سند سے روایت کرنے میں منفرد ہے۔ اسی طرح ابن عدی نے کہا ہے اور نسائی نے اسے ھناد عن وکیع عن ضحاک کی سند سے موقوفاً روایت کیا ہے اور یہ ان کی نزدیک مرفوع کی نسبت زیادہ صحیح ہے اور عبدالرزاق نے اسے ایک دوسری سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے موقوفاً اس طرح روایت کیا ہے کہ معمر ابن طاؤس سے اور وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے عورت کے ساتھ اس کی دُبر میں وطی کرنے کے بارے پوچھا، تو آپ نے فرمایا تو کفر کے بارے مجھ سے سوال کر رہا ہے(2) نسائی نے اسے ابن مبارک عن معمر کی روایت سے نقل کیا ہے۔ اور اس کی سند قوی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے عمرو بن شعیب عن أبیہ عن جدہٖ کی سند سے ان الفاظ میں نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے ایسے آدمی کے بارے سوال کیا گیا جو عورت سے اس کی دُبر میں وطی کرتا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا'' یہ لواطت صغریٰ ہے''(3) اسے نسائی نے نقل کیا ہے اور اس کی علت بھی بیان کی ہے اور محفوظ یہ ہے کہ یہ عبداللہ بن عمرو کا قول ہے۔ جیسا کہ عبدالرزاق وغیرہ نے اسے روایت کیا ہے۔ اسی باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ہے جسے اسماعیل نے اپنی معجم میں نقل کیا ہے اور اس میں ایک راوی یزید الرقاشی ہے اور وہ ضعیف ہے اور ابی بن کعب سے حسن بن عرفہ کی خبر انتہائی ضعیف سند کے ساتھ مروی ہے اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ابن عدی کے نزدیک انتہائی کمزور سند کے ساتھ مروی ہے اور عقبہ بن عامر سے مروی ہے۔ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس کی سند میں ایک راوی ابن لھیعہ ہے۔ یہ تمام کی تمام احادیث اگرچہ ضعیف ہیں جیسا کہ آپ نے سنا لیکن ان میں سے بعض بعض کی تقویت کا سبب بنتی ہیں جس کے ذریعے ان سے حضور نبی کریم ﷺ سے اس عمل سے روکنے کے بارے ایسا علم قطعی حاصل ہوتا ہے جس میں کوئی شک نہیں۔ لہٰذا اس کے بارے قول کرنا واجب ہے، واللّٰہ اعلم۔

جنہوں نے اس عمل کے مباح ہونے کا قول کیا ہے انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے اس قول سے استدلال کیا ہے۔ جو اسانید کثیرہ سے روایت ہونے کے سبب صحیح ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ارشاد باری تعالیٰ: نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ ''عورتوں کے ساتھ ان کی دُبروں میں وطی کرنے کے بارے نازل ہوا ہے''(4) اسے بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے۔ اسی طرح طبرانی نے اسے آپ ہی سے سند جید کے ساتھ روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا۔ یہ آیت دُبر میں وطی کرنے کی رخصت کے بارے نازل ہوئی۔ اور آپ رضی اللہ عنہ سے اس طرح بھی انہوں نے روایت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے زمانہ مقدس میں ایک آدمی نے اپنی بیوی کی دُبر میں جماع کیا، تو لوگوں نے اسے روکا۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیت نازل فرمائی(5) اسی طرح ابن جریر،

1۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 472 (العلمیہ) 2۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 473 (العلمیہ) 3۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 472 (علمیہ)
4۔ صحیح بخاری، جلد 2 صفحہ 649 (حاشیہ) (وزارت تعلیم) 5۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 474 (العلمیہ)

ابو یعلی اور ابن مردویہ نے عبداللہ بن نافع عن ہشام بن سعد عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار کی سند سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ نقل کیا ہے کہ ایک آدمی نے اپنی عورت کے ساتھ اس کی دُبر میں جماع کیا تو لوگوں نے اس کے سبب اس پر عیب لگایا، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ" (1) میں کہتا ہوں کہ یہ حضرت ابن عمر اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کا وہم ہے ان دونوں نے آیت کی تاویل میں خطا کی ہے اگر اس آیت کے نازل ہونے کا سبب یہ ہوتا تو حکم واقعہ کے مطابق ہوتا۔ حالانکہ رب کریم کے اس ارشاد: فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ میں حرث (کھیت) میں واقع ہونے کا حکم ہے، نہ کہ صرف دُبر میں واقع ہونے کا اور وہ محل حرث ہے ہی نہیں۔ لہٰذا اس سے دبر میں وطی کے مباح ہونے کی حجت قائم نہیں ہو سکتی۔ اور یہ قول بھی ہے کہ یہ نافع کو وہم ہوا ہے جبکہ انہوں نے عبداللہ بن حسن سے روایت کی۔ بیشک وہ سالم بن عبداللہ سے ملے اور ان کو کہا اے ابوعمر! وہ کونسی حدیث ہے جو حضرت نافع حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بیان کرتے ہیں کہ بیشک وہ عورتوں کے ساتھ ان کی دُبروں میں وطی کرنے کو حرج گمان نہیں کرتے۔ تو انہوں نے کہا اس بندے نے جھوٹ بولا ہے اور خطا کی ہے، حالانکہ عبداللہ نے کہا ہے کہ وہ عورتوں کی فرجوں میں ان کے پیچھے کی جانب سے وطی کر سکتے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ سالم کا یہ قول صحیح نہیں ہے کیونکہ اس قول کو نافع ابن عمر سے نقل کرنے میں منفرد نہیں ہیں بلکہ اسے تو زید بن اسلم، عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر اور سعید بن یسار وغیرہ نے بھی ان سے نقل کیا ہے۔ جیسا کہ شیخ ابن حجر نے ذکر کیا ہے۔ لہٰذا صحیح یہ ہے کہ یہ وہم ابن عمر کے بارے ہے اور ابن عمر پر وہم کا حکم رأس المفسرین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بھی لگا دیا ہے۔ ابوداؤد اور حاکم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ ابن عمر کو جو وہم لاحق ہوا اس پر اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ انصار کے اس قبیلے میں رہنے والے وہ لوگ تھے جو یہود کے اس قبیلے کے ساتھ رہنے والے اہل وثن (بت پرست) تھے اور یہودی اہل کتاب تھے وہ علم میں انہیں اپنے اوپر ترجیح دیتے تھے، لہٰذا بہت سے کاموں میں ان کی اقتداء کرتے تھے اور اہل کتاب کا طریقہ یہ تھا کہ وہ ایک جانب سے عورتوں کے پاس آتے تھے اور اس طرح عورت ان کے نیچے چھپ جاتی تھی۔ لہٰذا انصار کے اس قبیلے نے بھی ان سے یہی طریقہ اخذ کیا اور قریش کے اس قبیلے کے لوگ عورتوں کے پاس جاتے تھے اور ان سے لذت حاصل کرتے تھے کبھی آگے سے، کبھی پیچھے سے اور کبھی چت لیٹنے کی حالت میں۔ پھر جب مہاجرین مدینہ طیبہ آئے تو ان میں سے ایک آدمی نے ایک انصاری عورت سے شادی کی۔ جب وہ اس سے ایسا کرنے لگا تو اس نے ایسا کرنے سے اس مرد کو روک دیا اور کہا بیشک ہمارے ہاں تو ایک جانب پر کیا جاتا تھا۔ لہٰذا ان دونوں کا معاملہ چلا اور رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچ گیا تو پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ یعنی تم اپنے کھیت میں آؤ سامنے سے، پیچھے سے اور چت لیٹنے کی حالت میں یعنی ان تمام صورتوں میں محل ولد میں وطی کر سکتے ہو۔

اس آیت کا سبب نزول اس طرح بھی ہے: امام بخاری، ابوداؤد اور ترمذی رحمہم اللہ تعالیٰ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ یہود کہا کرتے تھے کہ جب کوئی اپنی عورت سے پیچھے کی جانب سے وطی کرے گا تو اس سے بھینگا بچہ پیدا ہوگا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے اس قول کی تکذیب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ (2) یعنی فرج میں جیسے تم چاہو وطی کر سکتے ہو۔ تو اس سے مراد کھیتی کے لئے محل ولد ہے۔ اسی طرح احمد رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحمٰن بن سابط سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا میں حفصہ بنت عبدالرحمٰن کے پاس حاضر ہوا اور کہا۔ میں آپ سے ایسے امر کے بارے سوال کرنا چاہتا ہوں کہ حیاء محسوس ہو رہی ہے آپ سے کیسے

1۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 475 (العلمیہ) 2۔ صحیح بخاری، جلد 2 صفحہ 649 (وزارت تعلیم)

پوچھوں۔ تو انہوں نے کہا اے بھتیجے حیاء نہ کر۔ تو میں نے کہا عورتوں کے پاس ان کی پیچھے کی جانب سے آنے کا معاملہ کیا ہے؟ تو انہوں نے جواباً کہا: یہود کہا کرتے تھے کہ جو اس طرح عورت کے قریب ہوا اس کا بچہ بھینگا ہوگا۔ پھر جب مہاجرین مدینہ طیبہ آئے تو انہوں نے انصار کی عورتوں سے نکاح کئے پس جب وہ ان کے قریب ہوئے ایک عورت نے انکار کر دیا اور کہا ہم ہرگز ایسا نہیں کریں گے۔ یہاں تک کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوں گی۔ لہٰذا وہ عورت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوئی اور آپ ﷺ کے سامنے یہ واقعہ بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا بیٹھو ابھی رسول اللہ ﷺ تشریف لاتے ہیں۔ پس جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، تو انصاریہ نے آپ ﷺ سے اس کے بارے سوال کرنے میں حیا محسوس کی، لہٰذا وہ باہر نکلی تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ سے اس کے بارے پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا انصاریہ کو بلاؤ چنانچہ اسے بلایا گیا، تو آپ ﷺ نے اس پر یہ آیت تلاوت فرمائی: نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ صمامًا واحدًا(1) امام احمد اور ترمذی رحمہما اللہ تعالیٰ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں ہلاک ہوگیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا تجھے کس نے ہلاک کیا ہے؟ عرض کی آج کی رات میرے پاؤں پھر گئے ہیں (یعنی میں نے پیچھے کی سمت سے جماع کیا ہے) تو اس کے بارے کوئی حکم وارد نہیں تھا کہ اتنے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت طیبہ نازل فرما دی اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" (اپنی بیوی کے پاس) آگے کی جانب سے آؤ اور پیچھے کی جانب سے آؤ، لیکن دُبر اور حیض والی عورت سے بچو"(2) تو اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تفسیر اپنے اس ارشاد سے کی "أَقْبِلْ وَأَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ" جیسا کہ آپ ﷺ نے "فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ" کی تفسیر اپنے اس قول سے فرمائی "اِصْنَعُوْا كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا النِّكَاحَ" اگرچہ اس آیت کا ظاہر عورتوں کے ساتھ کھانے پینے میں اختلاط کے جائز ہونے پر دلالت نہیں کرتا۔ لہٰذا اس سے صراحۃً اس کے خلاف حکم ظاہر ہوگا جو ابن عبدالحکم نے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ یہ آیت دُبر میں وطی کو حرام کرنے والی نہیں جیسا کہ اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ پنڈلیوں میں وطی کرنا حرام ہے۔

۳ یعنی تم نکاح (وطی) سے صرف جلدی حاصل ہونے والی لذت کا ارادہ نہ کرو بلکہ اس سے ان منافع کا قصد کرو جو دین کی طرف راجع ہیں مثلاً فرج کا محفوظ ہو جانا، ایسا نیک بچہ جو اس کے لئے دعاء و استغفار کرتا رہے اور اس میں افراط نہ ہو کیونکہ ایسے مباح امور جن کے ساتھ نیت صحیحہ صالحہ مل جائے وہ عبادت ہو جاتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے ہر ایک کی بضع میں صدقہ ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم سے ہر ایک جب اپنی شہوت کو پورا کرتا ہے تو اس کے ساتھ اس کے لئے اس پر اجر بھی ہوتا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا" تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر وہ اسے حرام محل میں پورا کرتا تو کیا اس میں اس پر بوجھ (گناہ) ہوتا؟ تو اسی طرح جب وہ اسے حلال محل میں پورا کرتا ہے تو اس کے لئے اس میں اجر ہے"(3) اسے مسلم نے ابوذر کی حدیث میں نقل کیا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا" جب انسان مر جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے مگر تین عمل (ختم نہیں ہوتے) صدقہ جاریہ، ایسا علم جس سے نفع حاصل کیا جا رہا ہو اور ایسا صالح اور نیک بچہ جو اس کے لئے دعا کرتا رہے"(4) اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مسلمانوں میں سے جس کسی کے تین بچے فوت ہو جاتے ہیں آگ اسے صرف قسم کے کفارہ کے لئے مس کرتی ہے،(5) متفق علیہ۔ آپ ہی سے روایت

1۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 469 (العلمیہ) 2۔ الدر المنثور، جلد 1 صفحہ 469 (العلمیہ) 3۔ صحیح مسلم، جلد 1 صفحہ 325 (قدیمی)
4۔ صحیح مسلم، جلد 2 صفحہ 41 (قدیمی) 5۔ صحیح بخاری، جلد 1 صفحہ 167 (وزارت تعلیم)

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کی عورتوں کو ارشاد فرمایا کہ تم میں سے جس کسی کے تین بچے فوت ہو جاتے ہیں اور وہ اس پر صبر کرتی ہے تو وہ جنت میں داخل ہوگی۔ ان میں سے ایک عورت نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! ''کیا دو بچے بھی فوت ہو جائیں (تو ایسا ہی ہوگا) تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں دو بچے بھی فوت ہو جائیں تو بھی''(1) اسے مسلم نے ذکر کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے کہ میری امت میں سے جس کے دو نابالغ بچے فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ ان کے سبب اسے جنت میں داخل فرمائے گا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی، آپ ﷺ کی امت میں سے جس کسی کا ایک بچہ فوت ہو جائے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا وہ بھی جس کا ایک بچہ فوت ہو جائے، الحدیث(2) اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔ اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ قول باری تعالیٰ ''وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ'' کا عطف ''فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ'' پر عطف تفسیری ہو اور اس کا معنی یہ ہو کہ تمہارا اپنے نفسوں کے لئے اپنی کھیتیوں میں آنا اس کا پیش خیمہ ہے کہ صالح اولاد تمہارے لئے استغفار کرے، دعائیں کرے یا پھر وہ پیشرو ثابت ہو اور اسی سے نکاح کے فوائد ظاہر ہوتے ہیں۔ اگرچہ اس کی نیت صالحہ نہ بھی ہو۔ اور عطاء اور مجاہد نے کہا ہے کہ اس سے مراد جماع کے وقت بسم اللہ شریف اور دعا پڑھنا ہے۔ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم میں سے کوئی اپنی اہلیہ کے پاس آنے کا ارادہ کرے تو کہے ''بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا'' (اے اللہ تو ہمیں شیطان سے محفوظ فرما اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو نے ہمیں عطا فرمایا) بیشک اس طرح اگر ان دونوں کے درمیان بچہ پیدا ہوگا تو شیطان اسے کبھی بھی ضرر نہیں پہنچا سکے گا(3)۔

۴ گناہوں سے اجتناب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ وہ تمہیں تمہارے اعمال کے بدلے جزاء دے۔ اگر وہ اعمال اچھے ہوں تو اچھی جزاء دے اور اگر برے ہوں تو بری جزاء دے۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا کہ بندۂ مومن کا معاملہ بھی عجیب ہے کہ اگر اسے خوشی نصیب ہو اور یہ شکر کرے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے اور اگر اسے تکلیف پہنچے یہ صبر کرے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے(4)۔ اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۲۴

''اور نہ بناؤ اللہ (کے نام) کو رکاوٹ اس کی قسم کھا کر ۱ کہ نیکی نہ کرو گے ۲ اور پرہیزگاری نہ کرو گے اور صلح نہ کراؤ گے لوگوں میں ۳ اور اللہ تعالیٰ خوب سننے والا جاننے والا ہے ۴''

۱ امام بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن رواحہ اور ان کے بہنوئی بشیر بن نعمان انصاری کے درمیان کسی شئ پر اختلاف ہو گیا تو عبداللہ بن رواحہ نے یہ قسم اٹھائی کہ وہ اس کے گھر داخل نہیں ہوں گے، اس سے کلام نہیں کریں گے اور اس کے اور اس کے مخالفین کے درمیان صلح نہیں کرائیں گے اور جب انہیں اس کے لئے کہا گیا تو انہوں نے کہا میں نے قسم کھائی ہے کہ قسم بخدا میں ایسا نہیں کروں گا۔ لہٰذا اپنی قسم سے برأت کے بغیر میرے لئے ایسا کرنا حلال نہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی(5) ''وَلَا تَجْعَلُوْا

1۔ صحیح مسلم، جلد 2 صفحہ 330 (قدیمی) 2۔ جامع ترمذی، جلد 1 صفحہ 126 (وزارت تعلیم) 3۔ صحیح بخاری، جلد 2 صفحہ 945 (وزارت تعلیم)
4۔ صحیح مسلم، جلد 2 صفحہ 413 (قدیمی) 5۔ تفسیر بغوی، جلد 1 صفحہ 185 (التجاریہ)

Tafsire Mazhari J1 Told About Anal Sex


تفسیر مظہری

جلد سوم

بقیہ سورۂ نساء سے سورۂ مائدہ

پارہ ۵ تا پارہ ۶

تالیف

حضرت علامہ قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتیؒ

تشریحی ترجمہ مع ضروری اضافات

مولانا سید عبدالدائم الجلالی

رفیق ندوۃ المصنفین

ناشر

دارالاشاعت

اردو بازار کراچی ۱ —— فون ۲۱۳۷۶۸

عبدالرزاق نے مصنف میں بروایت ابن جریج عطاء کا قول نقل کیا ہے کہ حضرت ابن عباسؓ متعہ کو اب بھی حلال جانتے تھے اور (ثبوت میں) یہ آیت پڑھتے تھے حضرت ابن عباسؓ نے یہ بھی فرمایا کہ حضرت ابی بن کعب کی قرأت میں اس آیت میں الی اجل مسمی بھی ہے اور فرماتے تھے اللہ عمر پر رحم فرمائے متعہ اللہ کے بندوں پر اللہ کی ایک رحمت تھی اگر عمر اس کی ممانعت نہ کر دیتے تو زنا کی ضرورت ہی نہ ہوتی۔

ابن عبدالبر کا بیان ہے کہ حضرت ابن عباسؓ سے متعہ کے متعلق پوچھا گیا کہ یہ نکاح ہے یا زنا، فرمایا نہ نکاح ہے نہ زنا، دریافت کیا گیا پھر کیا ہے فرمایا یہ ویسا ہی ہے جیسا اللہ نے فرمایا ہے دریافت کیا گیا کیا اس کی عدت کے لئے حیض آنے کی ضرورت ہے فرمایا ہاں! میں نے پوچھا کہ متعہ کرنے والے مرد و عورت باہم وارث ہوں گے فرمایا نہیں۔ متعہ کی حلت کا قول شیعہ کی ایک جماعت کی طرف منسوب ہے۔ نسائی اور طحاوی نے لکھا ہے کہ حضرت اسماءؓ بنت صدیق اکبرؓ نے فرمایا ہم نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایسا کیا تھا۔ مسلم نے بیان کیا ہے کہ حضرت جابرؓ نے فرمایا ہم نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے ابتدائی زمانہ میں متعہ کیا تھا آخری دور خلافت میں حضرت عمرؓ نے ہم کو روک دیا پھر ہم نے حکم سے تجاوز نہیں کیا۔

طحاوی نے حضرت جابرؓ اور حضرت سلمہؓ بن اکوع کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ صحابہؓ کے پاس تشریف لائے اور متعہ کی اجازت دیدی۔

صحیحین میں حضرت ابن مسعودؓ کا قول منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو اجازت دیدی کہ مقررہ مدت کے لئے عورتوں سے نکاح کیا جا سکتا ہے پھر حضرت ابن مسعودؓ نے یہ آیت تلاوت کی یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ۔

ان آثار صحابہؓ سے متعہ کا (جواز تو معلوم ہوتا ہے لیکن) منسوخ نہ ہونا (اور اب بھی جائز ہونا) ثابت نہیں ہوتا صرف حضرت ابن عباسؓ کا اثر اور حضرت ابن مسعودؓ کی قرأت سے غیر منسوخ ہونا معلوم ہوتا ہے۔

عبدالرزاق نے مصنف میں لکھا ہے کہ معاویہؓ نے طائف میں ایک عورت سے متعہ کیا۔

عمر بن شیبہ نے اخبار المدینہ میں اپنی سند سے لکھا ہے کہ سلمہؓ بن امیہ نے ایک عورت سے متعہ کیا جب اس کی اطلاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو پہنچی تو آپؓ نے عمر کو دھمکایا۔ عبدالرزاق نے مصنف میں لکھا ہے کہ معبد بن امیہ متعہ کی حلت کے قائل تھے۔ حافظ نے لکھا ہے کہ متعہ کی حلت کا فتویٰ تابعین کی ایک جماعت نے دیا ہے جن میں سے ابن جریج، طاؤس، عطاء اور حضرت ابن عباسؓ کے شاگرد اور سعید بن جبیر اور فقہاء مکہ بھی تھے اسی بناء پر حاکم نے علوم الحدیث میں شافعی کا قول نقل کیا ہے کہ اہل حجاز کے پانچ قول متروک ہیں ان میں سے اہل مکہ کا حلت متعہ کا قول اور اہل مدینہ کا ابی بی سے وقت کی حلت کا قول بھی ہے۔

مسئلہ :۔ متعہ کے ناجائز اور حرام ہونے پر اجماع ہو چکا ہے سوائے شیعہ کے اور کوئی اس کی حلت کا قائل نہیں۔ حرمت متعہ کا ثبوت اس آیت سے ہوتا ہے اللہ نے فرمایا ہے وَالَّذِیْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ۔ متعہ والی عورت کو بیوی نہیں کہا جاتا اور نہ وہ مملوکہ ہے اسی لئے متعہ کرنے والے اور عورت میں سلسلہ توارث قائم نہیں (اور نہ زوجیہ یا مملوکہ کے سوا تیسری عورت سے شرم گاہ کو محفوظ نہ رکھنے والے کو حق سے تجاوز کرنے والا کہا ہے معلوم ہوا کہ متعہ کو حلال قرار دینا حد شرعی سے تجاوز کرنا ہے)۔

اگر اس آیت کی تفسیر حضرت ابن عباسؓ کے مسلک کے مطابق کی جائے تو پھر اس کو منسوخ ماننا پڑے گا (حالانکہ یہ آیت سب کے نزدیک محکم ہے منسوخ نہیں ہے) مسلم نے لکھا ہے کہ ربیع بن سبرہ بن معبد جہنی کا بیان ہے کہ میرے باپ

After Hardship Cometh Ease (Anal Sex)

The Muslim-Jewish Polemic Over Sexual Positions

After hardship cometh ease

oleh Ze'ev Maghen

The Muslim-Jewish Polemic over Sexual Positions

That the legal status of anal sex was an extremely unstable and "loaded" issue may be gauged both by the vehemence of the exchanges recorded and by the fact that almost every authority quoted in favor of the position condoning that act is also shown either personally disavowing this attribution or being exonerated of it by others. Thus we read, for instance, that:

1. ... Ibn 'Awn reported from Nāfi' (the Persian *mawlā* of 'Abd Allāh b. 'Umar and an almost peerlessly reliable traditionist), who said: It was Ibn 'Umar's practice to remain silent whenever the Qur'ān was being recited (*kāna Ibn 'Umar idhā qurī'a al-Qur'ān lam yatakallim*). One day I recited [in his presence]: "Your wives are a tilth for you; come to your tilth as you please," and he piped up and asked: "Do you know in what context this verse was revealed?" I replied, "No." He said, "It was revealed in reference to having intercourse with women in their anuses" (*nazalat fī ityān al-nisā' fī adbāribinna*).[32]

On the other hand, however:

> Abū al-Naḍr said to Nāfi', the *mawlā* of Ibn 'Umar: "You talk too much! (*qad akthara 'alayka al-qawl*). For you say about Ibn 'Umar that he issued a judgment allowing anal intercourse with women" (*aftā bi-an yu'tā al-*

---

32 Ṭabarī, 2:537 (3471). Since the only vocalization provided by my edition of *Jāmi' al-Bayān* is a hamza over the alif, it is difficult to know whether we should read *athfirhā* in command form, as we have done, or, alternately, *athfarahā*: "he has plugged up her anus!" It might also be translated: "tie an *izār* (a waist-wrapper) between her legs."

2. 33 Ṭabarī, 2:535 (3464), where another version shows Nāfi' "holding the Qur'ānic codex for Ibn 'Umar, when the latter reached the verse, 'Your wives are a tilth ...,' and said: "[This constitutes permission] to have anal intercourse with her" (*an ya'tīhā fī dubrihā*). Similarly, Zayd b. Aslam reported that Ibn 'Umar said: "A man had anal intercourse with his wife, after which his conscience bothered him (*atā imra'tahu fī dubrihā fa-wajada fī nafsihi*), so Allāh revealed: 'Your wives are a tilth ...'" (Ṭabarī, 2:536–7 [3470]). On the historicity of Nāfi', and the claim – especially interesting for our purposes, as will become clear below – that he was invented by Mālik b. Anas, see G. H. A. Juynboll, "Nāfi', the *Mawlā* of Ibn 'Umar," *Der Islam* 70 (1993). Harald Motzki has argued against his thesis in "*Quo vadis, ḥadīt*-Forschung?" *Der Islam* 73 (1996).

After hardship cometh ease

oleh Ze'ev Maghen

The Muslim-Jewish Polemic over Sexual Positions

The Prophet Muḥammad himself was, of course, no exception to such contradictory reporting: in this area, as nearly everywhere, he plays both thesis and antithesis. On the one hand, we possess *ḥadīths* like the following, recorded by al-Ṭabarī:

48 Ibid., 2:533 (3449).

49 The employment of the expression *min ḥaythu* to mean "via the orifice that..." in *aḥādīth* attributed to Ibn 'Abbās is also on display in his proverbial recapitulation of this whole subject: "Guide your 'producer' to the place of 'production'" (*asiq nabātaka min ḥaythu nabātahu*), see below.

50 Ṭabarī, 2:535–6 (3465). This is either an accusation of hypocrisy against Muḥammad b. Munkadir, or evidence that he could not have made the statement against anal intercourse that certain parties ascribe to him. The echoes of the Islamic Creed in the diction of Zayd's statement seem like deliberate irony.

51 Qurṭubī, 3:86.

From Umm Salama, the wife of the Prophet, who reported: A man married a woman and wanted *an yujabbīhā* (= to have intercourse with her from behind while her head and body were lowered and her buttocks raised).[54] The woman refused, saying: "Not until I ask the Messenger of God!" Umm Salama said: So she came and told me about it. I informed the Messenger of God, who said: "Summon her!" When she arrived the Messenger of God recited to her "Your wives are a tilth for you..." (and then went on to epitomize and qualify): "One orifice only, one orifice only" (*ṣimāman wāḥidan, ṣimāman wāḥidan*).[55]

So far, then, Muḥammad has been portrayed as a determined foe of rectal copulation. But another *ḥadīth* quotes the same Prophet's spouse to the opposite effect:

3. From 'Abd al-Raḥmān b. Sābiṭ, who said: I said to Ḥafṣa [daughter of 'Abd al-Raḥmān b. Abī Bakr][56]: "I wish to ask you something, but I am embarrassed to do so." Ḥafṣa responded: "Ask, my dear son, about whatever is on your mind!" He continued: "Well, I wish to ask you about cohabiting with women in their anuses" (*urīdu an as'alaka 'an ghishyān al-nisā' fī adbāribinna*). She replied: Umm Salama related to me: "I asked the Messenger of God about that, and he recited: "Your wives are a tilth for you; come to your tilth any way you please."[57]

An additional narration, already cited above, buttresses the claim that the Apostle approved of anal intercourse:

4. 'Aṭā b. Yasār related: A man had anal intercourse with his wife during the lifetime of the Messenger of God (*aṣāba rajūl imra'tahu fī dubrihā 'alā ahdi rasūl Allāh*), and the people condemned him for this and said, "Plug up her anus!" (*athfirhā*). But Allāh revealed: "Your wives are a tilth for you; come to your tilth as you please."[58]

54 See above, note 35.

55 Ṭabarī, 2:538–9 (3476). See the recension of al-Zuhrī: *in shā'a mujabbiyatan wa-in sha'a ghayr mujabbiyatan, ghayr anna dhālika fī ṣimām wāḥid* (sometimes written: *simām wāḥid*, with a *sīn*, the idea – "plugging up" – being the same. Qurṭubī, 3:81).

56 There may be some confusion here, since the phraseology used by 'Abd al-Raḥmān b. Sābiṭ here to introduce his question is found verbatim in many other places as a similar preamble to a question put to Ḥafṣa, the Prophet's wife. This is immaterial for us at the moment, however.

57 Ṭabarī, 2:535 (3468).

58 See also above, n.33: "A man had anal intercourse with his wife, after which his conscience bothered him (*atā imra'tahu fī dubrihā fa-wajada fī nafsihī*), so Allāh revealed: 'Your wives are a tilth...'"

Definition of Anus Dubar in Dictionary



إِدَامٌ ج آدَامٌ — **Lauk pauk, gulai, sambal :** dishes; a curry-soup; sharp spice.

إِدِيْمٌ — **kulit yang disamak :** tannic husk.

أَدَمٌ - أَدَمَةٌ — **lahir batin, kulit :** in body and soul; in every respect; skin; peel; shell; tree-bark; leather; binding; out side; cover; surface.

آدَمُ — **Nabi Adam (manusia pertama) :** Adam (the first human)

إِبْنُ آدَمَ — **anak keturunan Adam (manusia) :** the clan of Adam (human being).

اَلْأَكَامُ — **pedagang kulit :** leather merchant.

أَدِيْمُ الْأَرْضِ — **kulit bumi :** earth surface.

إِدِيْمُ النَّهَارِ — **cahaya siang :** day light.

اَلْأُدْمَةُ — **kaum kerabat :** family; relations; relative.

أَدَا - يَأْدُو - أُدُوًّا (النَّاكِهَةُ) — **(buah zan) telah masak :** (zan fruit) have been soft; have been overripe.

إِذَا — **apabila, bila, jika :** if; when.

إِذْ — **waktu karena; ketika :** when.

إِذْ ذَاكَ — **ketika itu :** at the time.

إِذَا — **kalau; jika :** if; when.

إِذَنْ - إِذًا — **kalau demikian, sekonyong-konyong, tiba-tiba :** if it does; suddenly; all at once; unexpectedly.

اَلْآذَارُ — **bulan Maret :** March.

أَذَاعَ — ذَاعَ — **menyiarkan, memasyhurkan :** to spread; to announce publicly; to publish; to proclaim; to broadcast; to famous.

ذَلَّ — **menghinakan :** to humiliate; to disdain; to offend.

religious memorial banquet.

أَدَّبَ - يُؤَدِّبُ تَأْدِيْبًا — **mendidik, mengajar kesopanan :** teach a courtesy; educate a courtesy.

تَأَدَّبَ بِهِ — **meniru perangai seseorang :** imitate somebody's conduct.

أَدَبٌ ج آدَابٌ — **adab, tertib, sopan :** culture; civilization; refinement; learning; erudition; good manners; orderly; diciplinary; nicely; quite; decent; correct; modest.

أَدِيْبٌ ج أُدَبَاءُ — **yang sopan, yang beradab, penjaga ahli sastra :** civilized; polite; artist custodian.

قَلِيْلُ الْأَدَبِ — **kurang ajar, kurang sopan :** impolite; rude; shameless; undignified.

عِلْمُ الْأَدَبِ — **ilmu kesusastraan :** philology.

أُدْبَةٌ - مَأْدُبَةٌ — **jamuan, makanan untuk pesta :** banquet; feast.

أَدْبَرَ - يُدْبِرُ - إِدْبَارًا — **membelakangi :** to turn one's back to; to leave behind; to ignore; to take no notice of.

إِدَّخَرَ — دَخَرَ — **menyimpan :** to keep; to preserve; to put away; to save; to lay up; to deposit; to contain; to hold.

أَدْرَكَ - يُدْرِكُ - إِدْرَاكًا — **mendapatkan, memperoleh :** to get; to obtain; to find; to receive; to acquire; to catch.

أَدْلَى — **mengulurkan (timba) :** to stretch; to lenghten; to pass; to reach (the bail).

إِدَّعَى — دَعَا — **mendakwakan :** to claim; to lay claim to.

أَدَمَ - يَأْدِمُ - أَدْمًا (الرُّزَّ) — **mencampur nasi dengan pauk :** mix rice with the dish.

Dubar Translation



Anus Translation



Vagina Translation



Jamiy-Tirmidhi-Vol-2-Part-1



ترمذی مترجم اردو جلد دوم ۳۸۲ تفسیر قرآن کا بیان

تمہاری کھیتی ہیں سو جاؤ اپنی کھیتی میں جہاں سے
چاہو۔

ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے۔

مترجم یعنی جس راہ سے چاہو جاؤ لیکن کھیتی میں کھیتی وہی ہے جہاں تخم ڈالو تو اگے نہ یہ کہ اندھے کنوئیں
گر جاؤ کہ تخم بھی ضائع ہو اور محنت برباد گناہ لازم ہو۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ يَعْنِي صَمَامًا وَّاحِدًا۔

ترجمہ روایت ہے ام سلمہ سے کہ نبی
اللہ علیہ وسلم نے آیت نساء کم حرث لکم الآیۃ کی تف
میں فرمایا کہ مراد اس سے دخول کرنا ہے ایک سو
میں یعنی قبل میں۔

ف یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابن ہیثم کا نام عبداللہ ہے اور وہ بیٹے ہیں عثمان کے وہ ہیثم کے اور ابن
کا نام عبدالرحمٰن ہے وہ بیٹے ہیں عبداللہ کے وہ سابط کے جو تابعی ہیں اور حفصہ بیٹی عبدالرحمٰن بن ابی بکر الصدیق
ہے اور بعضی روایت میں فی حمام واحد مروی ہوا ہے اور معنی دونوں کے ایک ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَآءَ عُمَرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكْتُ قَالَ وَمَا اَهْلَكَكَ قَالَ حَوَّلْتُ رَحْلِيَ اللَّيْلَةَ قَالَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ فَاُنْزِلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةُ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ۔

ترجمہ روایت ہے ابن عباس سے کہ
نے کہ آئے حضرت عمر رسول خدا صلی اللہ علیہ
کے پاس اور کہا یارسول اللہ ہلاک ہوا میں فرما
نے کس چیز نے ہلاک کیا تجھ کو کہا کہ پھیر دی
سواری اپنی آج کی رات سو کچھ جواب نہ دیا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا راوی نے
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نساؤ
کم الآیۃ سامنے سے صحبت کر تو اور پیچھے سے ص
بچ دبر میں دخول کرنے سے اور حیض میں
ہے۔

ف یہ حدیث حسن ہے غریب ہے اور یعقوب بیٹے ہیں عبداللہ اشعری کے اور وہ یعقوب قمی ہیں۔

مترجم قول پھیر دی میں نے اپنی سواری آہ مراد سواری سے بیوی ہے کہ آدمی اس کو وقت جماع
لیتا ہے مثل سواری کے اور پھیرنا اس کا یہ کہ صحبت کی اس کی قبل میں پیٹھ کی طرف سے غرضیکہ حضرت عمر
میں شاید معصیت ہو اللہ تعالیٰ نے اس کی جہالت دی خوف زائل ہوا قول سامنے سے صحبت کر آہ یہ خطاب
بہر حال دخول قبل میں ہو پھر چاہے صحبت کسی طرف سے ہو۔

فَعَلِمْنَا أَنَّهُ لَمْ يَغْضَبْ عَلَيْهِمَا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

۸۹۴۔ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ كَانَتِ الْيَهُودُ تَقُولُ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ فِي قُبُلِهَا مِنْ دُبُرِهَا كَانَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ فَنَزَلَتْ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ الخ الآية۔ هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ۔

۸۹۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ نَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ يَعْنِي صِمَامًا وَاحِدًا هٰذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ وَابْنُ خُثَيْمٍ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ وَابْنُ سَابِطٍ هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابِطٍ الْجُمَحِيُّ الْمَكِّيُّ وَحَفْصَةُ هِيَ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَيُرْوَى فِي صِمَامٍ وَاحِدٍ۔

۸۹۶۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى نَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي الْمُغِيرَةِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ عُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلَكْتُ قَالَ وَمَا أَهْلَكَكَ قَالَ حَوَّلْتُ رَحْلِي اللَّيْلَةَ قَالَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَالَ فَأُنْزِلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

نے بواسطہ عبدالرحمٰن بن مہدی، حماد بن سلمہ (رضی اللہ تعالےٰ عنہم) سے اس کے ہم معنی روایت نقل کی۔

حضرت ابن منکدر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہودی کہتے ہیں جو آدمی اپنی عورت کی اگلی طرف، پچھلی طرف سے (ہو کر) جماع کرے گا اسکے ہاں بھینگا لڑکا پیدا ہوگا اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی نساؤکم حرث لکم الخ الآیۃ۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت "نساؤکم حرث لکم الخ الآیۃ" کی تفسیر میں روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا ایک ہی سوراخ میں (جماع کرو) یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابن خثیم سے مراد عبداللہ بن عثمان بن خثیم مراد ہیں اور ابن سابط سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن سابط جمحی مکی مراد ہیں۔ اور حفصہ، حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کی صاحبزادی ہیں "سمام واحد" کے الفاظ بھی مروی ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حاضر خدمت ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ! میں ہلاک ہو گیا آپ نے فرمایا تمہیں کس چیز نے ہلاک کیا؟ عرض کیا گذشتہ رات میں نے اپنی سواری کا رخ بدل دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا اس پر یہ آیت نازل ہوئی "نساؤکم حرث لکم الخ الآیۃ" آگے کی طرف سے آؤ یا پیچھے کی طرف سے ہو کر لیکن پاخانے

سلہ تمہاری عورتیں تمہارے لئے کھیتیاں ہیں تو آؤ اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو ۱۲

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ اَقْبِلْ وَاَدْبِرْ وَاتَّقِ الدُّبُرَ وَالْحَيْضَةَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَيَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَشْعَرِيُّ هُوَ يَعْقُوْبُ الْقُمِّيُّ۔

کی جگہ اور حیض سے بچو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے یعقوب بن عبداللہ اشعری سے یعقوب قمی مراد ہیں۔

۸۹۷۔ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فُضَالَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهٗ زَوَّجَ اُخْتَهٗ رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَتْ عِنْدَهٗ مَا كَانَتْ ثُمَّ طَلَّقَهَا تَطْلِيْقَةً لَمْ يُرَاجِعْهَا حَتّٰى انْقَضَتِ الْعِدَّةُ فَهَوِيَهَا وَهَوِيَتْهُ ثُمَّ خَطَبَهَا مَعَ الْخُطَّابِ فَقَالَ لَهٗ يَا لُكَعُ اَكْرَمْتُكَ بِهَا وَزَوَّجْتُكَهَا فَطَلَّقْتَهَا وَاللّٰهِ لَا تَرْجِعُ اِلَيْكَ اَبَدًا وَكُنْتَ رَجُلًا لَا بَاْسَ بِهٖ فَعَلِمَ اللّٰهُ حَاجَتَهٗ اِلَيْهَا وَحَاجَتَهَا اِلٰى بَعْلِهَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ فَلَمَّا سَمِعَهَا مَعْقِلٌ قَالَ سَمْعًا لِرَبِّيْ وَطَاعَةً ثُمَّ دَعَاهُ فَقَالَ اُزَوِّجُكَ وَاُكْرِمُكَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْحَسَنِ وَفِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ دَلَالَةٌ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يَجُوْزُ النِّكَاحُ بِغَيْرِ وَلِيٍّ لِاَنَّ اُخْتَ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ كَانَتْ ثَيِّبًا فَلَوْ كَانَ الْاَمْرُ اِلَيْهَا دُوْنَ وَلِيِّهَا لَزَوَّجَتْ نَفْسَهَا وَلَمْ تَحْتَجْ اِلٰى وَلِيِّهَا مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ اِنَّمَا خَاطَبَ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الْاَوْلِيَاءَ فَقَالَ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ فَفِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ دَلَالَةٌ عَلٰى اَنَّ الْاَمْرَ اِلَى

۸۹۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے عہد رسالت میں ایک مسلمان کے ساتھ اپنی بہن کا نکاح کیا پھر عرصہ وہ اسکے پاس رہی پھر اس نے طلاق دیدی اور رجوع بھی نہ کیا یہاں تک کہ اس کی عدت بھی ختم ہوگئی پھر وہ دونوں ایک دوسرے کو چاہنے لگے چنانچہ دوسرے لوگوں کے ساتھ اس آدمی نے بھی نکاح کا پیغام بھیجا لیکن اس عورت کے بھائی نے کہا اے چھوٹے! میں نے تجھے اس کے ساتھ عزت بخشی اور اس کے ساتھ تیری شادی کی پس تو نے طلاق دیدی اللہ کی قسم! اب یہ کبھی بھی تیری طرف نہیں لوٹے گی۔ راوی کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس مرد اور عورت دونوں کی ایک دوسرے کی طرف حاجت کو جان لیا اور آیت کریمہ نازل فرمائی "واذا طلقتم النساء الخ" حضرت معقلؓ نے جب یہ آیت سنی تو کہا اپنے رب کی بات سنتا اور مانتا ہوں پھر اسے بلایا اور کہا میں اسے اپنی بہن کو تیرے نکاح میں دیتا ہوں اور تیری عزت بھی کرتا ہوں۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حضرت انسؓ سے یہ حدیث کئی طریقوں سے مروی ہے اس حدیث میں اس بات کی دلیل پائی جاتی ہے کہ ولی کے بغیر نکاح جائز نہیں کیونکہ معقل بن یسار کی ہمشیرہ بیوہ تھیں اگر ولی کے بغیر کے اس کا اپنا اختیار ہوتا تو وہ اپنا نکاح خود کر لیتی اور اپنے ولی حضرت معقل کی محتاج نہ ہوتیں اللہ تعالیٰ نے بھی اس آیت میں عورتوں کے ولیوں کو ہی مخاطب کیا اور فرمایا کہ انہیں انکے خاوندوں کے ساتھ نکاح کرنے سے منع نہ کرو اس آیت سے بھی پتہ چلتا ہے کہ عورتوں کی رضامندی کے ساتھ ساتھ نکاح کا اختیار ولی کو ہے[1]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے غلام ابویونس سے

---

[1] جب عورتوں کو طلاق دو اور انکی میعاد پوری ہو جائے تو اپنے عورتوں کے خاوندوں سے نکاح کرنے سے نہ روکو جبکہ آپس میں موافق شرع رضامند ہوں احناف کے نزدیک بالغہ عورت کو نکاح کا اختیار ہے حدیث شریف میں ہے بالغہ عورت ولی کی نسبت اپنے نکاح کا زیادہ حق رکھتی ہے۔ اسیطرح قرآن پاک میں ہے۔ ۱۲

[2] فان طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره۔ اس آیت میں بھی نکاح کی نسبت خود عورت کی طرف ہے جس آیت کو امام ترمذی نے دلیل بنایا اس میں ان شکوحی میں نکاح کی اضافت

Ref: Jamiy-Tirmidhi-Vol-2-Part-1.pdf

